آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز ہفتہ 03 اکتوبر 2026ء بمطابق 21 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر۔231

سعودی عرب پر حملے خطے کی سلامتی اور امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، پاکستان

سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی یکجہتی اور تقدس کی مکمل حمایت کرتے ہیں، مسجد نبوی کو بجلی فراہمی کے سول نظام پر حملہ ناقابل قبول

دو مقدس مقامات اور وہاں موجود عازمین کی حفاظت اور احترام ہر حال میں لازم، ایسے حملے خطے کی سلامتی اور امن کے لئے بڑا خطرہ ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے سعودی عرب کے مقدس اور تاریخی شہر مدینہ منورہ میں شہری بجلی تنصیب پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب سے مکمل اظہار یکجہتی کیا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ حوثی ملیشیا نے ترسیل سٹیشن پر حملہ کیا، نبی پاک کی مسجد کو بجلی فراہمی کے سول نظام پر حملہ ناقابل قبول ہے، حملہ سے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دو مقدس مقامات اور وہاں موجود عازمین کی حفاظت اور احترام ہر حال میں لازم ہے، پاکستان ایسے حملے فوری اور غیر مشروط روکنے کا مطالبہ کرتا ہے، ایسے حملے خطے کی سلامتی اور امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان سعودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

کوئٹہ سورینج کوئلہ کان حادثہ یا مجرمانہ غفلت؟ تحقیقات میں ہولناک انکشافات

دھماکہ کان کے قریب 4 ہزار 180 فٹ اندر ہوا۔ کان نمبر ایک اور دو آکسیجن اور ہوا کی آمدورفت کے لیے آپس میں جڑی ہوئی تھیں اور اس لیے دونوں کانیں متاثر ہوئیں

کوئلے کی سات سے آٹھ فٹ کی تہہ کے درمیان سخت چٹان کی پرت تھی جس میں ڈرل کے سوراخ ملے۔ ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہاں بلاسٹنگ کی گئی تھی، رپورٹ

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کے قریب کوئلہ کان کے ایک حادثے میں 34 کان کنوں کی ہلاکت کی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ حادثہ غیر قانونی طور پر بارودی مواد کے استعمال کی وجہ سے پیش آیا۔ رپورٹ میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ متاثرہ کوئلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سندھ میں بغیر تقسیم 6 انتظامی یونٹس قائم ہوں گے، فاروق ستار

انتظامی یونٹس بننے سے عوام کو ان کے حقوق اور وسائل ان کی دہلیز پر مل سکیں گے، گفتگو

کراچی (آن لائن) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی فاروق ستار نے واضح کیا کہ سندھ میں کسی جغرافیائی تقسیم کے بغیر 6 انتظامی یونٹس کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام جامعہ کراچی میں ہونے والے مشاعرے میں شرکت کے موقع پر فاروق ستار کا کہنا تھا کہ انتظامی یونٹس بننے سے کراچی، حیدرآباد، نواب شاہ، لاڑکانہ، سکھر اور میرپور خاص کے عوام کو ان کے حقوق اور وسائل ان کی دہلیز پر مل سکیں گے اور جعلی ڈومیسائل کا سلسلہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو سکے گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فاروق ستار نے بی آر ٹی حادثے کی نیب تحقیقات اور وائس چانسلر کی تقرری کا بھی مطالبہ کیا۔

پیٹرول سبسڈی اور گیس واجبات پر حکومت آئی ایم ایف میں اختلاف برقرار

فیول ریلیف اسکیم اور گیس کمپنیوں کے 1.4 ٹریلین روپے واجبات پر ڈیڈلاک، مذاکرات میں دو اہم معاملات پر اتفاق نہ ہو سکا

آئی ایم ایف ایندھن پر عمومی سبسڈی ختم کر کے صرف مدنی ریلیف فراہم کرنے پر بضد، حکومت کا موٹر سائیکل اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے فیول ریلیف اسکیم فوری طور پر ختم نہ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان پیٹرولیم شعبے سے متعلق دو اہم معاملات پر اختلاف برقرار ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرول پر فیول ریلیف اسکیم اور گیس کمپنیوں کے قابل وصول واجبات کے معاملے پر مذاکرات میں تاحال اتفاق رائے نہیں ہو سکا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے ایندھن پر عمومی سبسڈی ختم کر کے صرف مدنی ریلیف فراہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

☆☆☆☆☆☆☆☆ راولپنڈی، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائی ہوگی، کور کمانڈرز کانفرنس

افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پاکستان کا ناقابل تردید دفاعی حق ہیں، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین تاریخی دفاعی معاہدے کی بھرپور تائید

حرمین شریفین کے تحفظ کا عزم دہراتے ہوئے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی گئی انسداد دہشت گردی کے لیے خفیہ معلومات پر مبنی کارروائیوں کو مزید موثر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کے حصول پر زور دیا گیا

راولپنڈی (آن لائن) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال خرات، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز کی زیر صدارت 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فورم نے مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادر وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے معصوم شہریوں کے لئے فاتحہ خوانی کی، کانفرنس کے شرکاء نے شہداء کی بے مثال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ شرکا کور کمانڈرز کانفرنس نے کہا کہ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بی ٹیوٹا اور پاک سوزوکی میں نوجوانوں کو جدید آٹومیکنالوجی کی تربیت دینے کا معاہدہ

بی ٹیوٹا کے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹرز کو پاک سوزوکی کی جانب سے 12 جدید انجن فراہم

حب (غ ن) بلوچستان میں ٹیکنیکل تعلیم اور نوجوانوں کو جدید ہنر فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) اور پاک سوزوکی موٹر کمپنی کے درمیان تکنیکی تعاون کا ایک معاہدہ طے پا گیا ہے۔ اس معاہدے کا بنیادی مقصد صوبے کے نوجوانوں کو آٹومیٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

صوبے میں ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور محصولات میں اضافے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عزم

بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور محکمہ ایکسائز کے درمیان رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کو مزید موثر بنانے پر زور

حب (غ ن) چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ڈی جی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ سے ملاقات حب میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرمین عبداللہ خان نے ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ زمان خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ٹیکس اصلاحات، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

☆☆☆☆☆☆☆☆ اسلام آباد، وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے 2 نہتے پاکستانی شہری جاں بحق

قصور (آن لائن) بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز (بی ایس ایف) کی جانب سے پاک بھارت بین الاقوامی سرحد کے قریب تین پاکستانی شہریوں پر مبینہ فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے

ایران کیخلاف ممکنہ کارروائی، امریکا کا مشرق وسطیٰ میں 10 ہزار اضافی فوج بھیجنے کا فیصلہ

واشنگٹن (آن لائن) امریکا نے ایران کے خلاف ممکنہ کارروائیوں کے پیش نظر مشرق وسطیٰ میں 10 ہزار اضافی فوج بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق بحری جہازوں کے گروپ میں 7 ہزار سے زائد سیلرز اور 2 ہزار سے زائد میرینز شامل ہیں۔

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا آغاز مثبت پیش رفت

اس سے ملک کے مستقبل اور سیاسی درجہ حرارت میں بہتری آئے گی، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا آغاز مثبت پیش رفت ہے، اس سے ملک کے مستقبل اور سیاسی درجہ حرارت میں بہتری آئے گی۔

اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کا اسپیکر چیمبر جانے سے انکار

پی ٹی آئی نے حکومت سے مذاکرات کیلئے نیا وفد تشکیل دیا

اسلام آباد (آن لائن) اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے حکومت کے ساتھ مذاکرات کیلئے اسپیکر چیمبر جانے کے انکار کر دیا جس پر پی ٹی آئی کی جانب سے نیا وفد تشکیل دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محمود اچکزئی کا موقف تھا کہ حکومت کے ساتھ مذاکرات کسی نیوٹرل مقام پر ہوں تو جاؤں گا۔ ذرائع نے بتایا کہ تحریک انصاف کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مدینہ منورہ کی پاک سرزمین پر ڈرون حملہ ناقابل برداشت ہے، ملک سکندر

دنیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور تنازعات کے باعث عام شہری متاثر ہو رہے ہیں، رہنما جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری ملک سکندر ایڈووکیٹ نے مدینہ منورہ کی مقدس سرزمین پر حوثیوں کی جانب سے مبینہ ڈرون حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حرمین شریفین اور مقدس مقامات کا تقدس پوری مسلم امہ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے، ایسے واقعات کسی صورت قابل برداشت نہیں، یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے مدینہ منورہ کی پاک سرزمین کو کسی بھی قسم کے حملے یا جارحیت کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

پی ٹی آئی حکومت نان کسٹم پیڈ گاڑی مانند، مردان سے آگے نہیں جا سکتی، بیرسٹر دانیال

لانگ مارچ کوئی مسئلہ نہیں، کیونکہ حکومت اسلام آباد کا تحفظ کرنا جانتی ہے، گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ ن کے رہنما اور پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت نان کسٹم پیڈ گاڑی کی طرح ہے جو مردان سے آگے نہیں جا سکتی۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر دانیال چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سعودی وزیر دفاع کے امریکی و فرانسیسی وزرائے دفاع سے رابطے

علاقائی سلامتی اور استحکام پر تبادلہ خیال، امن کیلئے اقدامات پر زور

ریاض (آن لائن) سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے امریکا اور فرانسی کے وزرائے دفاع سے ٹیلی فونک رابطے کیے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شہزادہ خالد بن سلمان نے امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ سے سعودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

صومالی قزاقوں سے چھڑوائے گئے چار پاکستانی آج وطن پہنچیں گے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ صومالیہ میں قزاقوں کی جانب سے یرغمال بنائے گئے پاکستانیوں میں سے چار افراد کو چھڑوا لیا گیا ہے وہ آج (ہفتہ کو) وطن واپس پہنچ جائیں گے۔

مدینہ منورہ پر حملہ مسلمہ کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے

مولانا فضل الرحمن

امت مسلمہ کو یکجا ہو کر حملہ آوروں کا مقابلہ کرنا ہوگا، مسلمان حکمراں اگر حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے متحد نہیں ہوں گے تو پھر کب ہوں گے؟

یہ صرف مملکت سعودی عرب پر نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ پر حملہ ہے حرمین شریفین کا تحفظ جمعیت علمائے اسلام کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے، سربراہ جمعیت

پشاور (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے مدینہ منورہ پر حوثیوں کے حملے کی خبر پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق سولی سعودی سفیر کی ای ایف ٹی کے تحفظات کے حوالے پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کو لانگ مارچ ملتوی یا منسوخ نہیں بالکل ختم کرنا ہوگا: شیری رحمان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی مرکزی رہنما شیری رحمان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو لانگ مارچ ملتوی یا منسوخ نہیں بالکل ختم کرنا ہوگا۔

ایران پر امریکی پابندیوں کی پاسداری کرتے ہیں، پاکستان

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان ایران پر تمام قابل اطلاق امریکی پابندیوں کی پاسداری کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے بریفنگ میں کہا کہ بین الاقوامی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

قدرتی آفات کے خلاف پاکستان کی مزاحمتی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے موسمیاتی تبدیلی کے پیش نظر بار بار آنے والی قدرتی آفات کے خلاف پاکستان کی مزاحمتی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سپیکر قومی اسمبلی کا شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

سکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے، ایاز صادق

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعے کو ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے۔ سردار ایاز صادق نے 7 بھارتی سپانسرڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مکران کوسٹل ہائی وے پر ساؤتھ پولیس ناکے پر حملہ، نامعلوم مسلح افراد نے نذر آتش کر دیا

چار موٹر سائیکلوں پر سوار حملہ آور اہلکاروں کے موبائل فونز بھی چھین کر فرار، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) مکران کوسٹل ہائی وے پر واقع ساؤتھ پولیس ناکے کو نامعلوم مسلح افراد نے گھیرے میں لے کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ واقعہ جمعرات دوپہر کو پیش آیا ہے جب چار موٹر سائیکلوں پر سوار مسلح افراد نے اچانک ناکے پر حملہ آور ہو کر گاڑیوں کو آگ لگا دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق مسلح افراد پولیس اہلکاروں کے موبائل فون بھی اپنے ساتھ لے گئے

شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کا آپریشن 7 خوارج ہلاک

فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو بھی تباہ کر دیا گیا، سکیورٹی ذرائع

صدر اور وزیر اعظم کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 خوارج جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

شمالی وزیرستان (اسلام آباد (این این آئی) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 7 خوارج مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے عیدک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 خوارج جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں کی شاندار کارگردگی ملکی امن و سلامتی کی ضامن ہے۔ جمعہ کو سکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے شمالی وزیرستان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

مسجد الحرام سے خودکش بمبار پکڑنے کی تردید، خوف و ہراس پھیلانے والا شخص گرفتار

ریاض (یو این اے) حرمین شریفین نے مسجد الحرام سے خودکش بمبار پکڑنے کی تردید کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ایسی افواہ سے خوف و ہراس پھیلانے والا شخص گرفتار کر لیا ہے۔ حرمین شریفین کے حکام نے ان اطلاعات کی تردید کرتے ہوئے واضح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب سے برطانوی ہائی کمشنر ملاقات کر رہی ہیں

مارچ کی تیاری مکمل، ہمارے عمران خان کی رہائی سمیت تین مطالبات ہیں، پی ٹی آئی

بیرسٹر گوہر کوئی راستہ نکال لیں گے، اب تک حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات کو حوصلہ افزا کہہ سکتا ہوں، شوکت یوسفزئی

پشاور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات اور ترجمان شوکت یوسف زئی نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی، اسپتال منتقلی اور مقدمات کی جلد سماعت کے تین مطالبات کے لیے لانگ مارچ کی تیاری مکمل ہے۔

شمالی وزیرستان میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن قابل تحسین ہے، صدر مملکت

آصف علی زرداری کا شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان کے علاقے عیدک میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعے کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سکیورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سکیورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ ہوم سولر اسکیم میں بے ضابطگیاں

ہوم سولر اسکیم میں مبینہ بے ضابطگیوں کا الزام، ایک ہی گھر کے تین افراد کے نام شامل ہونے کا دعویٰ

گنداخہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہوم سولر اسکیم میں مبینہ طور پر ناموں کی تقسیم کے حوالے سے بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن (PSF) ضلع اوستہ محمد کے نائب صدر کاشف الٰہی عمرانی نے الزام عائد کیا ہے کہ پیپلز پارٹی ضلع اوستہ محمد کے صدر سید یار شاہ کی جانب سے بعض افراد کو ایک سے زائد نام دیے گئے۔

حکومت کا اکاؤنٹس نظام میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ

کابینہ کے 27 اگست 2024 کے فیصلے کی روشنی میں آسامیوں کے خاتمے کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری

ختم کی جانے والی آسامیوں میں وہ عہدے شامل نہیں ہوں گے جو تبادلے، پوسٹنگ یا پروموشن کیلئے مختص ہونے کے باعث خالی ہیں، مراسلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اکاؤنٹس نظام میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا اور اس حوالے سے متعلقہ فنانشل ایڈوائزرز اور چیف اکاؤنٹس افسران کو ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں۔ کنٹرولر جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

حکومت اپوزیشن مذاکرات، رانا ثنا اور راجا ناصر عباس کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (آن لائن) اپوزیشن اور حکومتی وفد کی بیٹھک کے دوران کئی مواقع پر فریقین کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق سپیکر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ملک میں ستمبر میں مہنگائی کی شرح 10.3 فیصد ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں ماہ ستمبر میں مہنگائی کی شرح 10.3 ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں ماہ ستمبر میں مہنگائی گزشتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سے آسٹریلوی ہائی کمشنر ملاقات کر رہی ہیں

حکومت معاشی اصلاحات پر عملدرآمد تیز کرنے کا فیصلہ، ورلڈ بینک سے تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

وفاقی وزیر خزانہ و محصولات کی ورلڈ بینک کے وفد سے ملاقات، معاشی ترقی، روزگار، ریونیو موبلائزیشن، مالیاتی انتظام، تجارت و سرمایہ کاری، کیپیٹل مارکیٹ اور ادارہ جاتی اصلاحات سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا جائزہ

اصلاحات کے ڈیزائن سے عملی نفاذ کی جانب منتقلی جیسے اقدامات ہونے چاہئیں، معیشت، سرمایہ کاری، روزگار اور کاروباری سرگرمیوں میں واضح بہتری آئے گی، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت معاشی اصلاحات کو محض پالیسی سازی تک محدود رکھنے کے بجائے ان پر موثر عملدرآمد کے ذریعے معاشی سرگرمی، سرمایہ کاری، روزگار اور کاروباری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

وزیر اعظم کی ریلوے میں عوامی سہولت، فریٹ سروس مزید بہتر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے ملاقات کی، جس میں وزارت ریلوے سے متعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ایران کشیدگی اور ایندھن کی قلت کا خدشہ، عالمی منڈی میں تیل پھر مہنگا ہو گیا

واشنگٹن (آن لائن) عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں جمعہ کو معمولی اضافے کے ساتھ 100 ڈالر فی بیرل سے اوپر برقرار رہیں، جبکہ سرمایہ کار ایران سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لاپتہ ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے

ڈپٹی کمشنر خاران کی بحفاظت بازیابی پر ان کے اہل خانہ، ساتھی افسران اور عزیز و اقارب نے اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع خاران سے لاپتہ ہونے والے ڈپٹی کمشنر خاران "منیر احمد سومرو" بازیاب ہو گئے۔ ان کی بازیابی کی اطلاع سامنے آنے کے بعد سرکاری حلقوں اور اہل خانہ میں اطمینان کی لہر دوڑ گئی۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کچھ عرصہ قبل لاپتہ ہو گئے تھے، جس کے بعد ان کی بازیابی کے لیے متعلقہ اداروں کی جانب سے کوششیں جاری تھیں۔ ان کی گمشدگی کے واقعے نے صوبے میں امن و امان اور سرکاری افسران کے تحفظ کے حوالے سے بھی تشویش پیدا کر دی تھی۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

محمد آصف زندہ ہیں تو بھارتی فوج نے کشمیر میں کس بے گناہ کو شہید کیا؟ عطا تارڑ

ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس نے بھارتی فوج کے فیک اٹیک کا پول کھول دیا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے سوال اٹھایا ہے کہ محمد آصف زندہ ہیں تو بھارتی فوج نے کشمیر میں کس بے گناہ کو شہید کیا ہے؟۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس کے حوالے سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر بیان جاری کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے بھارتی فوج کے دعوؤں کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس نے بھارتی فوج کے فیک اٹیک کا پول کھول دیا ہے۔

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل ڈوکوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں

03 اکتوبر 2026ء

حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات کا پہلا دور بے نتیجہ ختم

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سیاسی معاملات پر مذاکرات کے پہلے دور میں فریقین کسی نتیجے پر نہ پہنچ سکے، دوسرا دور آج (ہفتہ کو) ہوگا۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جمعے کے روز اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کے چیمبر کے کمیٹی روم میں مذاکرات ہوئے۔ حکومت کی جانب سے مذاکراتی وفد کی قیادت اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کی جب کہ دیگر ارکان میں وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور رانا ثنااللہ بھی شریک تھیا پوزیشن کی مذاکراتی ٹیم میں سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، عامر ڈوگر اور سلمان اکرم راجہ شامل تھے۔ پیپلز پارٹی کی جانب سے سینیٹر شیری رحمان، نوید قمر اور اعجاز جاکھرانی اجلاس میں شریک ہوگئے۔ اپوزیشن وفد کا اسپیکر چیمبر پہنچنے پر سردار ایاز صادق نے استقبال کیا۔ ذرائع کے مطابق مذاکراتی دور میں فریقین کے درمیان بعض معاملات پر گرما گرمی بھی دیکھنے میں آئی تاہم اس دوران دونوں جانب سے بات چیت میں کوئی تعطل نہیں آیا اور مذاکرات بدستور جاری رہے۔ سفارشات کے تبادلے کے بعد دونوں فریق اپنے اپنے اراکین کے ساتھ سر جوڑ کر بیٹھ گئے اور اپنے اپنے مطالبات اور تجاویز پر مشاورت کی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن رہنماؤں نے اپنے قائدین کو بھی مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت اور زیرِ بحث معاملات سے آگاہ کیا۔ دوسری جانب حکومتی ارکان نے اپوزیشن کی جانب سے پیش کیے گئے مطالبات اور سفارشات پر مشاورت کی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی روم میں جاری مذاکرات میں رانا ثنااللہ اور راجا ناصر عباس کے درمیان عدالتی معاملات پر تبادلہ خیال کے دوران تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا۔ راجا ناصر عباس نے عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد نہ ہونے اور بانی چیئرمین سے ملاقاتوں پر پابندی کے حکومتی اقدامات پر تنقید اور مایوسی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رانا ثنااللہ نے موقف اپنایا کہ عدالتیں اپنا کام کر رہی ہیں اور حکومت لانگ مارچ سے متعلق عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد یقینی بنائے گی۔ حکومتی وفد نے سخت مقف اپناتے ہوئے واضح کیا کہ احتجاج کے نام پر اسلام آباد پر چڑھائی کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی اور لانگ مارچ یا اڈیالہ جیل پر حملے کی دھمکیاں دینا درست سیاسی رویہ نہیں ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومتی ارکان نے یہ بھی موقف اپنایا کہ صرف حکومت ہی نہیں بلکہ اپوزیشن کو بھی لچک کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے مداخلت کی اور فریقین پر افہام و تفہیم کے ذریعے معاملات کو آگے بڑھانے پر زور دیا۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کے اراکین نے مذاکرات کے دوران زیادہ تر خاموشی اختیار کیے رکھی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مذاکرات کے دوران خیبر پختونخوا کے حالات اور امن و امان کی صورتِ حال پر حکومتی اور اپوزیشن رہنماں کو بریف بھی کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے صحافیوں نے کمیٹی روم پہنچنے سے قبل سوال کیا کہ کیا وہ مذاکرات میں سہولت کاری کا کردار ادا کر رہے ہیں اور کیا اس عمل کا کوئی نتیجہ نکلے گا۔ اس پر اسپیکر نے جواب میں سورہ فاتحہ کی پہلی آیت الحمدللہ رب العالمین پڑھی۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کا مزید کہنا تھا کہ وہ صرف سہولت کار کا کردار ادا کر رہے ہیں اور دعا گو ہیں کہ مذاکرات کامیابی سے ہمکنار ہوں، اختلافِ رائے اور مسائل کے حل کا واحد راستہ مذاکرات ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کا دفتر مسائل کے حل اور مذاکرات کیلئے ہمیشہ کھلا ہے۔ اسپیکر ایاز صادق نے کہا کہ عہدے اور دفاتر عارضی ہوتے ہیں، پارلیمان ہی وہ فورم ہے جہاں مسائل کا حل نکالا جاسکتا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ مذاکرات اچھے ماحول میں ہوئے، امید ہے بات چیت کا سلسلہ ہفتہ کو بھی جاری رہے گا۔ جمعے کے روز مذاکرات سے قبل وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہو رہے ہیں، اچھی امید کے ساتھ مذاکرات میں بیٹھیں گے۔ مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکالنا ملک کے لیے بہتر ہے۔ طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ بار بار اسلام آباد پر چڑھائی کرنے کے بجائے سیاسی رویہ اپنانا پڑے گا، مذاکرات میں ممکنہ حل کی جانب بڑھیں گے۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے ہر جگہ مذاکرات کی دعوت دی، پارلیمانی جماعتوں سے مذاکرات میں کبھی جھجک نہیں رہی۔ انہوں نے کہا کہ آئیں مسائل پارلیمنٹ کے اندر بیٹھ کر بات چیت کے ذریعے حل کریں اور اس موقع کو ضائع نہ کریں۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ہم انصاف کی بات کریں گے، انصاف مکمل ختم ہو چکا ہے، ہمیں پانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور مشاورت چاہیے، اگر یہ ملاقات ہوتی ہے تو معاملہ آگے بڑھے گا، ورنہ ایسا ہی رہے گا ہمیں پانی پی ٹی آئی کی رہائی اور انصاف چاہیے۔ اسد قیصر کا کہنا ہے کہ ہم بانی سے اس لیے ملاقات چاہتے ہیں تاکہ ان سے مل کر ایجنڈا طے کریں، ہم بانی سے ملاقات کریں گے اور اس کی روشنی میں آگے بڑھا جائیگا، عمران خان کی بہنوں کے حوالے سے بات ہوگی لیکن بانی سے ملنے کا معاملہ سب سے اہم ہے، سب سے پہلے ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں اپنے لیڈر سے ملاقات کرنے دی جائے۔ عامر ڈوگر کا کہنا تھا میں شروع سے ملاقات اور مذاکرات کا حامی ہوں، سیاسی معاملات کو محاذ آرائی میں تبدیل نہیں کرنا چاہیے، ہم نہیں چاہتے کسی ادارے کے ساتھ ہمارا تصادم یا لڑائی ہو۔ علامہ ناصر عباس نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے محمود اچکزئی کی ملاقات کا معاملہ رکھیں گے، بانی سے ملاقات کے بغیر معاملات حل ہو ہی نہیں سکتے، ان مذاکرت کے حوالے سے کچھ شرائط طے ہونی چاہیے، مسائل کا آسان ترین حل بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہے۔

غزہ: زندگی کی آوازیں لوٹ آئی ہیں، مگر کب تک؟

افتخار گیلانی

پورے دو برسوں کے بعد غزہ کے فلسطینی مکین سمندر کی لہروں، پرندوں اور اپنے بچوں کی آوازیں سن پا رہے ہیں۔ اسرائیلی بمباری، دھماکوں، چیخوں اور زخمیوں کے کراہوں کے درمیان لوگ زندگی کی علامتی آوازیں بھول گئے تھے۔ غزہ میں موجود صحافی احمد درملی مجھے بتا رہے تھے کہ بارود کی گھن گرج میں وہ بحیرہ روم کی لہروں کی گرج کو بھول چکا تھا۔ اسی طرح چوبیس سالہ فلسطینی ماں ویام المصری بتا رہی تھی، کہ جنگ بندی کے بعد اب وہ پہلی بار اپنے دو ماہ کے بیٹے سمیع کے رونے کی آواز سن پا رہی ہے۔ جب اسرائیل اور حماس نے مصر کے شہر شرم الشیخ میں امن دستاویز پر دستخط کیے، جو غزہ سے صرف 300 کلومیٹر دور ہے، تو میزائلوں کی سائیں سائیں اور ڈرون کے شور نے پہلی بار خاموشی اختیار کی، جو فلسطینیوں کی روزمرہ کی زندگی کا حصہ بن گئی تھیں۔ درملی بتا رہے تھے کہ اکتوبر 2023 سے قبل وہ اکثر ساحل پر چہل قدمی کرنے آتے تھے۔ مگر دو سال سے ہر لمحہ بھاگ دوڑ سے اور بس اس قدر سوچنے تک محدود رہا کہ کیسے جسم و روح کا رشتہ برقرار رہے۔ ویام کا کہنا تھا کہ یہ سکون اُن لوگوں کے لیے نعمت ہے جنہوں نے دو برس تک موت کی گرج سنی ہو۔ سب سے بھیانک ڈرونز کی آوازیں ہوتی تھیں۔ ''وہ بار بار ہمارے خیمے کے بالکل اوپر آ کر رک جاتے تھے۔ نیچے پہلے تو سبھی کی سانسیں رک جاتی تھیں، پھر نفسا نفسی کے عالم میں کچھ سنائی نہیں دیتا تھا اور اسی دوران ڈرون کسی کے اوپر بم گرا کر یا گولیوں کی بوچھاڑ کر کے اگلی منزل کی طرف روانہ ہو جاتا تھا۔ اب میں کھجور کے درختوں کی شاخوں پر موجود چڑیوں کی آوازیں سن سکتی ہوں۔ میں اپنے بچے کی آواز سن سکتی ہوں۔'' اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی، جسے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پیش کردہ 20 نکاتی منصوبے کا پہلا مرحلہ کہا جا رہا ہے، نے فی الحال فضائی اور زمینی حملے روک دیے ہیں۔ اسرائیلی افواج طے شدہ حدود کے اندر پیچھے ہٹ گئی ہیں۔ ماہرین کہتے ہیں یہ امن نہیں، بلکہ ایک وقفہ ہے۔ مگر غزہ کے لیے، وقفہ بھی زندگی ہے۔ دوپہر تک ساحلی الرشید سڑک لوگوں سے بھری تھی۔ مرد، عورتیں، بچے پیدل، ٹرکوں، سائیکلوں اور موٹر بائکوں پر سوار رواں تھے۔ پچھلے دو سال سے اسرائیلی قبضہ کے بعد اس سڑک پر چلنے کی ممانعت تھی۔ ان دو سالوں میں غزہ کے محلے مٹ چکے ہیں۔ زمینیں بنجر ہو چکی ہیں۔ ''زرقہ، الشرہ، الخباری، جبالیا البلد، سب محلے کھنڈرات بن چکے ہیں۔ ہر گفتگو موت کے حساب سے شروع ہوتی ہے: دو برسوں میں 67,000 سے زیادہ ہلاک اور 169,000 زخمی، مقامی صحت حکام کے مطابق ہزاروں لاپتہ اب بھی ملبے کے نیچے دفن ہیں۔ جنگ بندی کے بعد سول ڈیفنس اہلکاروں نے اب لاشیں نکالنے کا کام شروع کر دیا ہے۔ امدادی ایجنسیاں کہتی ہیں کہ اگر تمام کراسنگز کھل گئیں تو روزانہ 600 ٹرک تک خوراک اور سامان داخل ہو سکتا ہے۔ اسرائیلی محاصرے کے دوران بھوک اور غذائی قلت سے 463 افراد جن میں 157 بچے تھے، جاں بحق ہوئے۔ کھیتوں تک رسائی ممکن نہیں، سکولوں کی عمارتیں ملیامیٹ ہیں، ہر یونیورسٹی کو تباہ کر دیا گیا ہے۔ غزہ کی 95 فیصد آبادی بے گھر ہے۔ بیشتر افراد کو ایک سے زائد بار بمباری سے بچنے کیلئے نقل مکانی کرنی پڑی ہے۔ ساحل کے پاس 73 سالہ ماہی گیر احمد الخضی اپنے جال کی مرمت کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اُسے ''امن کی آوازیں'' دوبارہ سیکھنے میں وقت لگے گا۔ اُس کا بیٹا خالد نومبر 2023 میں بندرگاہ کے قریب اسرائیلی بحریہ کی گولہ باری میں مارا گیا اور خالد کی بیوی ثریا کچھ دن بعد اسرائیلی بمباری کی وجہ سے عمارت گرنے سے جاں بحق ہوگئی۔ اُن کے تین بچے صرف اس لیے بچ گئے کہ وہ پچھلی منزل پر تھے۔ ''راتوں کو ہم دھماکوں سے جاگ اٹھتے اور بچوں کو سینے سے لگا لیتے۔ ہر آواز موت کا اشارہ لگتی تھی۔ اسی لیے آج کا سکون غیر حقیقی لگتا ہے۔'' یہ جنگ بندی کاغذ پر سادہ مگر عمل میں پیچیدہ ہے۔ ابھی تک پہلا مرحلہ بخوبی طے پایا ہے کیونکہ اس میں زیادہ تر شرائط حماس کو پوری کرنی تھیں۔ مگر جب شرطوں کو پورا کرنے کی باری اسرائیل کے پاس آجائیگی تو اسکے ماضی کے طرزِ عمل کو مدنظر رکھتے ہوئے شاید ہی وہ امن کو دائمی بنانے میں مدد دے گا۔ حماس نے اپنی تحویل میں تمام زندہ اسرائیلی قیدیوں کو رہا کر دیا ہے۔ اسرائیل نے بھی اس کے بدلے دو ہزار فلسطینی قیدی رہا کر دیئے ہیں۔ اسرائیل کی جیلوں میں اس وقت تقریباً 11 ہزار فلسطینی قید ہیں۔ اس منصوبے میں اب مرحلہ وار اسرائیلی انخلا، ایک بین الاقوامی ''استحکام فورس'' کا قیام اور عبوری سول انتظامیہ کی تشکیل شامل ہے جو اس دوران غزہ کا نظم سنبھالے گی۔ انقرہ میں ترک وزیر خارجہ حقان فیدان نے واضح کر دیا کہ ''میز فائر کے بعد غزہ کو 7 اکتوبر 2023 کی پہلے والی پوزیشن میں نہیں لایا جائیگا۔ کیونکہ جنگ کے اسباب ہی وہ حالات تھے۔'' انہوں نے کہا کہ ترکیہ امریکہ، قطر، مصر اور سعودی عرب کے ساتھ زمینی سطح پر عملدرآمد کی نگرانی کرے گا۔ خارجہ پالیسی کے ماہر رمزی پکتین نے اخبار جمہوریت کو بتایا کہ یہ بندوبست پہلے کی مختصر جنگ بندیوں سے مختلف ہیکیونکہ پچھلی جنگ بندیوں کے برعکس اس وقت امریکی صدر براہ راست اس میں شریک ہے۔ اس لئے اسرائیل کیلئے انسانی سانحہ مزید جاری رکھنا ممکن نہیں لگتا۔ اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے یہ تسلیم کیا کہ اسرائیل عالمی برادری میں الگ تھلگ ہو گیا تھا۔ انہوں نے وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کو بتایا کہ اسرائیل پوری دنیا کے ساتھ مخاصمت نہیں رکھ سکتا ہے۔ مغربی ممالک کے شہروں میں پہلی بار اسرائیل کے خلاف منظم احتجاج ہوئے۔ آخر جنگ بندی کا معاہدہ کیسے تشکیل پایا؟ دوحہ میں اسرائیلی فضائی حملے میں حماس کے رہنماؤں کو نشانہ بنائے جانے کے بعد، قطر کے وزیراعظم محمد بن عبدالرحمٰن الثانی کو 29 ستمبر کو اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی ایک غیر متوقع فون کال موصول ہوئی۔ نیتن یاہو اس وقت وائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے۔ ان کو ٹرمپ نے اپنی موجودگی میں قطری وزیراعظم سے معذرت کرنے کیلئے کہا۔ سفارت کاروں کے مطابق اس قدم نے ثالثوں کو دوبارہ متحرک ہونے کا موقع دیا، جو پیش رفت سے تقریباً مایوس ہو چکے تھے۔ اس بات چیت کے دوران اور قطری وزیراعظم کو منانے کے بعد ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور داماد جیرڈ کشنر نے تجلت میں 20 نکاتی منصوبہ مرتب کیا، جو پرانی تجاویز سے جوڑ کر ایک ایسی ضمانت کیساتھ پیش کیا گیا جسے صدر ٹرمپ اسرائیلی سخت گیر حلقوں کے سامنے قابلِ قبول بنا سکیں۔ 23 ستمبر کو یہ خاکہ عرب اور اسلامی رہنماؤں کے ساتھ شیئر کیا گیا۔

"مقدمہ پنجاب، تاریخ اور تاریخ نویسی کے تناظر میں"

اشرف شریف

تاریخ کے مطالعے میں یہ امر مسلم ہے کہ ہر خطے کو اپنے ماضی، ثقافت اور کردار کے حوالے سے مخصوص تاثر کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات یہ تاثر حقیقت سے قریب ہوتا ہے اور کبھی مخصوص سیاسی یا لسانی مفادات کی بنا پر مسخ شدہ صورت اختیار کر لیتا ہے۔ پنجاب صدیوں سے اس مسخ شدہ تاثر کا شکار ہے۔ ڈاکٹر تراب الحسن سرگانہ کی کتاب ''مقدمہ پنجاب: تاریخ اور تاریخ نویسی کے تناظر میں'' دراصل اسی فکری و تاریخی مسخ شدگی کے ازالے کی ایک جرات مندانہ کاوش ہے۔ مصنف نے نہ صرف پنجاب کی تاریخ کے بنیادی محرکات اور سیاسی ارتقا کا از سرِ نو جائزہ لیا ہے بلکہ اس خطے کے باسیوں پر عائد کیے گئے تاریخی الزامات کا مدلل جواب بھی فراہم کیا ہے۔ سرگانہ صاحب نے پنجاب کے بارے میں تاریخی بدفہمیوں کی اصلاح کی ہے۔ کتاب کے ابتدائی ابواب میں ڈاکٹر سرگانہ نے ان عمومی الزامات کا تنقیدی جائزہ لیا ہے جن کے تحت پنجاب کو ہمیشہ سے طاقت کے مراکز کا حامی یا مزاحمت نہ کرنے والی قوم کے طور پر پیش کیا جاتا رہا ہے۔ ان کے مطابق یہ تصور نوآبادیاتی تاریخ نویسی کا پیدا کردہ ہے، جو پنجاب کو محض ''زرعی وفادار'' خطہ بنا کر دکھانا چاہتی تھی۔ مصنف کے نزدیک پنجابی قوم نے برطانوی عہد میں جو کردار ادا کیا، وہ محض سیاسی حالات کا نتیجہ تھا، نہ کہ غلامانہ ذہنیت کا۔ ڈاکٹر سرگانہ نے انگریزی عہد کے عسکری، انتظامی اور معاشی ڈھانچے کا تفصیلی مطالعہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کس طرح پنجابیوں کو منصوبہ بندی کے تحت نوآبادیاتی فوجوں میں بھرتی کیا گیا اور انہیں ''مارشل ریس'' قرار دے کر سیاسی عمل سے عملاً محروم کر دیا گیا۔ اس طرح پنجاب کے کردار کو محدود اور تعصب آلود بیانیے میں مقید کر دیا گیا، جس کا خمیازہ آج تک پنجاب اور پنجابی شناخت بھگت رہی ہے۔ مصنف نے اس تصور کی نفی کی ہے کہ پنجاب مزاحمت سے عاری خطہ ہے۔ ان کے مطابق چاہے بابا فرید اور شاہ حسین جیسے صوفیانہ کردار ہوں یا راجہ پورس، گرو نانک، حسرت کھوکھر، دلا بھٹی، رنجیت سنگھ، احمد خان کھرل اور بھگت سنگھ جیسے مزاحمتی ہیرو، پنجاب کی تاریخ دراصل مسلسل جدوجہد اور وقارِ انسانی کے دفاع کی تاریخ ہے۔ ڈاکٹر تراب الحسن سرگانہ نے 1857ء کی جنگِ آزادی میں پنجاب کے کردار کو نئے زاویے سے دیکھا ہے۔ ان کے مطابق انگریزوں کی کامیابی میں پنجاب کے طبقہ اشرافیہ کے کردار کو تو نمایاں کیا جاتا ہے لیکن عام کسانوں، سپاہیوں اور مقامی قبائل کی مزاحمت کو شعوری طور پر نظرانداز کیا گیا۔ یہی وہ تاریخی پردہ پوشی ہے جس نے پنجاب کو ایک ''تابع خطے'' کے طور پر پیش کیا۔ کوکا تحریک، غدر پارٹی، پگڑی سنبھال جٹا موومنٹ، سانحہ جلیانوالہ، بھگت سنگھ اور ساتھیوں کی موومنٹ کو بھلا دیا جاتا ہے۔ بھلا دیا جاتا ہے کہ ہندوستان اور پھر پاکستان کی آزادی کی تحریک لاہور سے شروع ہوئی۔ مصنف نے تحریکِ پاکستان کے پس منظر میں پنجاب کے کردار کا تحقیقی تجزیہ کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اگرچہ تحریکِ پاکستان کے نظریاتی مراکز لکھنو، علی گڑھ اور دہلی میں تھے، مگر عملی قوت پنجاب سے فراہم ہوئی۔ پنجاب ہی وہ خطہ تھا جس نے 1946ء کے انتخابات میں مسلم لیگ کو فیصلہ کن کامیابی دلائی، جس کے بغیر پاکستان کا قیام ممکن نہ تھا۔ ڈاکٹر سرگانہ کے نزدیک یہ حقیقت تاریخ نویسی میں کبھی وہ مقام نہیں پا سکی جس کی وہ مستحق تھی۔ مصنف کا استدلال ہے کہ پنجاب نے پاکستان کے سیاسی، معاشی اور دفاعی ڈھانچے میں بنیادی کردار ادا کیا لیکن تقسیمِ ہند کے بعد اسے ''طاقت کا مرکز'' اور ''استحصال کا ذمہ دار'' قرار دے کر منفی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ یہ طرزِ فکر دراصل پاکستان میں ملاقاتی سیاست کے بگاڑ کی ایک بڑی وجہ بنی۔ کتاب کا ایک نمایاں باب ان تاریخی بیانیوں پر مشتمل ہے جن کے ذریعے پنجابی قوم کو دانستہ بدنام کیا گیا۔ ڈاکٹر سرگانہ نے واضح کیا ہے کہ برصغیر کی بعض غیر پنجابی اشرافیہ نے اقتدار میں شراکت کے توازن کو اپنے حق میں رکھنے کے لیے پنجاب کو ''طاقت پرست'' اور ''غالب قوم'' کے طور پر پیش کیا۔ یہ بیانیہ بعد ازاں نصابی کتب، سیاسی تقریروں اور صحافتی مواد میں سرایت کر گیا۔ مصنف نے دلیل کے ساتھ بتایا کہ پاکستان کی فوجی یا انتظامی برتری کو پنجاب سے جوڑنا محض سطحی تاثر ہے۔ اعداد و شمار کے ذریعے واضح کیا گیا ہے کہ مغربی پاکستان کی بیوروکریسی، عدلیہ اور سیاست میں پنجاب کی نمائندگی آبادی کے تناسب سے زیادہ نہیں تھی، بلکہ اس کا کردار اکثر اوقات قومی وحدت کی حفاظت میں رہا۔ کتاب کے آخری حصے میں پنجاب کی معاشرتی و معاشی ساخت کا عالمانہ جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر سرگانہ نے زرعی معیشت، جاگیردارانہ نظام اور نوآبادیاتی زرعی اصلاحات کے اثرات پر تحقیقی اعداد و شمار فراہم کیے ہیں۔ پنجاب کی پیداواری صلاحیت اور محنت کش طبقے نے ہمیشہ ملکی معیشت کو سہارا دیا مگر اس کے باوجود پنجابی کسان کو استحصالی نظام سے نجات نہ مل سکی۔ یہ تضاد کہ پنجاب معاشی ریڑھ کی ہڈی بھی ہے اور سیاسی تنقید کا ہدف بھی، پاکستانی تاریخ کے سب سے بڑے فکری ابہام کی علامت ہے۔ ڈاکٹر تراب الحسن سرگانہ کا اسلوب نہایت متوازن، غیر جذباتی اور محققانہ ہے۔ انہوں نے تاریخی مواد، سرکاری دستاویزات، مردم شماری کے ریکارڈ اور نوآبادیاتی رپورٹوں سے اپنے استدلال کو تقویت دی ہے۔ ان کا مقصد کسی قوم یا علاقے کو برتر یا کمتر ثابت کرنا نہیں بلکہ تاریخ کو تعصب سے آزاد کر کے دیکھنے کی دعوت دینا ہے۔ یہی علمی دیانت کتاب کا سب سے بڑا حسن ہے۔ کتاب میں کسی سیاسی یا نسلی برتری کے بجائے تاریخی انصاف پر زور دیا گیا ہے۔ مصنف نے دکھایا ہے کہ اگر پنجاب پر الزامات کی بنیاد کمزور اور سیاسی نوعیت کی ہے تو اس کا ازالہ صرف علمی صداقت سے ہی ممکن ہے نہ کہ ملاقاتی تعصبات سے۔ ''مقدمہ پنجاب'' دراصل تاریخ نویسی کے اس رویے کے خلاف ایک فکری احتجاج ہے جس نے پنجاب کو اپنی ہی تاریخ سے کاٹ دیا۔ ڈاکٹر سرگانہ نے یہ ثابت کیا ہے کہ پنجاب نہ صرف مزاحمت، محبت اور رواداری کا گہوارہ ہے بلکہ برصغیر کی فکری و ثقافتی تاریخ کا مرکزی استعارہ بھی ہے۔ جمہوری پبلیکیشنز لاہور سے شائع یہ کتاب محققین، تاریخ کے طلبا اور فکری انصاف کے متلاشی ہر شخص کے لیے لائقِ مطالعہ ہے۔

محبِ وطن شہریوں کی ٹیکس ذمے داریاں اور ایف بی آر

رحمان فارس

صاحبو! یہ حقیقت کسی طور جھٹلائی نہیں جاسکتی کہ قومیں شہریوں کے احساسِ ذمہ داری سے تشکیل پاتی ہیں۔ ناچیز کا ماننا ہے کہ ہر قوم کروڑوں آنکھوں کا ایک اجتماعی خواب ہے اور اس خواب کی تعبیر میں ہر شہری ایک چشمِ منتظر اور ایک دیدہ پُرامید کی طرح شامل ہوتا ہے۔ ریاست کی عمارت تبھی مضبوط ہوتی ہے جب اس کے ہر فرد کی نیت سچی، اس کا کردار ذمہ دار اور اس کے دل و دماغ وطن کی محبت سے لبریز ہوں۔ اقبال نے یونہی نہیں کہا تھا کہ: افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ انہی شہری فرائض میں سے اہم ترین فریضہ ٹیکس کی ادائیگی ہے: ایک بالکل خاموش مگر بے انتہا طاقتور عہد جو ہر محبِ وطن کا حامل شہری اپنے وطن سے کرتا ہے۔ ٹیکس دراصل قوم اور شہری کے درمیان بھروسے، یقین، اعتبار اور اعتماد کا رشتہ ہے۔ یہ محض خالی خولی رقم کی ادائیگی نہیں بلکہ ایک عہدِ وفاداری ہے۔ یہی وہ وطنیت بھرا لمحہ ہے جب شہری اپنی محنتِ شاقہ کی کمائی کا ایک حصہ اپنے وطن کے اجتماعی مفاد کے لیے وقف کر دیتا ہے۔ یہی وہ ناقابلِ شکست جذبہ ہے جس سے ذرہ ذرہ جمع کر کے عالیشان سڑکیں بنتی ہیں، بلند و بالا پل تعمیر ہوتے ہیں، اسپتالوں میں صحت و شفا ملنے کے بعد زندگی سانس لیتی ہے، سکولوں میں علم و آگہی کے چراغ منور ہوتے ہیں اور شہروں، قصبوں، دیہاتوں کے گلی کوچوں میں روشنی برقرار رہتی ہے۔ صاحبو! جب ہم ٹیکس دیتے ہیں تو دراصل اپنے ملک کے روشن تر مستقبل میں سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ یاد رکھیے کہ یہی سرمایہ تو حکومت کو کروڑوں پر محیط عوام کی خدمت کے قابل بناتا ہے۔ یہی سرمایہ تو ملک کی معیشت کے پہیے کو حرکت دیتا ہے۔ اگر کوئی شہری ٹیکس سے پہلوتہی کرتا ہے، تو وہ محض قانون کی خلاف ورزی نہیں کرتا، بلکہ ایک طرح سے اپنی ریاست کی بنیادوں کو کمزور کرتا ہے۔ ریاستِ پاکستان میں ٹیکس کے نظام کی ذمہ داری فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے کندھوں پر ہے۔ یہی وہ ادارہ ہے جو قومی معیشت کا اصل نبض دان ہے۔ ایف بی آر کی ذمے داری صرف ٹیکس وصول کرنا نہیں بلکہ ایک منظم، مربوط، مستحکم اور مکمل مالیاتی ڈھانچے کی شب و روز حفاظت کرنا ہے۔ یہی ادارہ وہ خاموش مگر پُراثر قوت ہے جو ملک کی معیشت کو مستحکم رکھتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایف بی آر کے افسران اور اہلکار دن رات، بغیر رُکے بغیر تھکے محنت کرتے ہیں۔ وہ اپنے دفاتر میں محض اعداد و شمار کے لیے نہیں بلکہ قوم کی امیدوں کو پورا کرنے کے لئے کام کرتے ہیں۔ وہ پاکستان کے ہر شہری کے حق میں انصاف کے علمبردار ہیں۔ وہ اس بات کے ازلی و ابدی امین ہیں کہ ہر روپیہ جو قومی خزانے میں جائے، شفافیت سے جائے اور عوامی خدمت کے لیے خرچ ہو۔ ان کی ذمہداری بے انتہا مقدس، محترم، متبرک اور معتبر ہے کیونکہ یہ قوم کی بقا اور خوشحالی سے جڑی ہے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ موجودہ سربراہ محترم راشد محمود لنگڑیال صاحب (چیئرمین ایف بی آر) کی بھرپور اور جاندار قیادت میں ایف بی آر نے خود کو ایک جدید، شفاف اور عوام دوست ادارہ بنانے کے لیے بیشمار کامیاب اصلاحات کی ہیں۔ اب یہ ادارہ صرف محاسبہ نہیں کرتا، بلکہ تفصیلی رہنمائی بھی فراہم کرتا ہے۔ اب یہ ادارہ صرف نوٹس نہیں بھیجتا، بلکہ عوام دوست ادارے کے طور پر عوام کی آگاہی اور اعتماد بھی بڑھاتا ہے۔ ایف بی آر نے حیرت انگیز طور پر کم عرصے میں جدید ٹیکنالوجی کو اپناتے ہوئے مختلف ڈیٹا بیسز کو ایک دوسرے کے ساتھ مربوط کیا ہے۔ نادرا، اسٹیٹ بینک، ایکسچینج کمپنیز، پراپرٹی رجسٹریز، اور دیگر اداروں کے ڈیٹا کو آپس میں جوڑنے سے نظام میں بہت شفافیت آئی ہے اور ٹیکس دہندگان کے لیے بھی سہولت، آسانی اور کام کی رفتار میں اضافہ ہوا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اب ایک عام شہری کو اپنی مالی تفصیلات جمع کرنے میں وہ دشواریاں بالکل نہیں رہیں جو کبھی ماضی میں ہوا کرتی تھیں۔ اسی کے ساتھ ساتھ ایف بی آر نے ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کے عمل کو بھی نہایت آسان بنا دیا ہے۔ پہلے جو عمل بہت پیچیدہ اور وقت طلب سمجھا جاتا تھا اب وہ صرف چند منٹوں میں مکمل ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ریٹرن فارم ہر سال پہلے کی نسبت زیادہ سادہ اور واضح بنایا جا رہا ہے تاکہ عام شہری بھی بغیر کسی پریشانی اور دقت کے اپنا ٹیکس جمع کرا سکے۔ ایف بی آر کی ویب سائٹ، موبائل ایپ اور ہیلپ لائنز نے عوام کے لیے سہولت کے کئی نئے دروازے کھول دیے ہیں۔ اگر آپ غور سے دیکھیں تو آج ایف بی آر کا چہرہ ایک سہولت فراہم کرنے والے دوست ادارے کا ہے؛ ایک ایسا ادارہ جو عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے، ان کی ہر طرح سے رہنمائی کرتا ہے، اور انہیں قانون کی سمجھ بوجھ میں فوری مدد فراہم کرتا ہے۔ جہاں کبھی یہ ادارہ صرف ایک "محاسبہ کرنے والا ہاتھ" سمجھا جاتا تھا، اب وہ مددگار دوست بن چکا ہے۔ صاحبو! ہر شہری کے لیے یہ سمجھنا ازحد ضروری ہے کہ اقتصادی استحکام دراصل قومی خودمختاری کی بنیاد ہے۔ اگر ریاست کے پاس اپنے وسائل نہ ہوں، تو اسے لامحالہ دوسروں کے دروازے کھٹکھٹانے پڑتے ہیں۔ اور یہ تو ہم سب جانتے ہی ہیں کہ قرضوں پر چلنے والی قومیں کبھی خودمختار نہیں ہوتیں۔ لیکن یقین کیجئے کل جو قوم اپنے اخراجات اپنی آمدن سے پورے کرتی ہے، وہی باوقار، خودمختار اور آزاد ہوتی ہے۔ ٹیکس اور کچھ نہیں اسی خودکفالت کا ذریعہ ہے۔ یہ وہ رقم ہے جس سے ریاست اپنے آپ کو مضبوط بناتی ہے، اپنے وجود کو مستحکم کرتی ہے، اور عوام کو سہولت فراہم کرتی ہے۔ ایف بی آر کے افسران کا ہر قدم اسی یقین سے لبریز ہے کہ وہ صرف ایک سرکاری کام نہیں بلکہ ایک قوم کی حفاظت کر رہے ہیں۔ وہ اس مشن پر مسلسل کاربند ہیں کہ ملکِ خداداد پاکستان مالی طور پر اتنا مستحکم ہو جائے کہ کسی بیرونی دباؤ کے آگے سر نہ جھکائے۔ بطور شہری ہمارا بھی فرض ہے کہ ہم اپنے فرائض کو دیانت داری سے ادا کریں۔

شطرنج کی بساط اور تاریخ کا فیصلہ

تجزیہ: سمیع اللہ ملک

تاریخ کے اوراق میں بعض اوقات ایسے ابواب آتے

شال بقیہ 1

کان میں 16 سال کی عمر کے کان کنوں سے بھی کام لیا جا رہا تھا۔ بشیر احمد بنگلزئی کی سربراہی میں بلوچستان کے وزیراعلیٰ کی انکوائری ٹیم پر مشتمل اعلیٰ سطح کی انکوائری کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں کان مالکان، انتظامیہ اور نیم سرکاری ادارے پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کے حکام کے خلاف فوجداری کارروائی کی سفارش کی ہے۔ یہ حادثہ 30 جولائی 2026 کو کوئٹہ سے قریباً 30 کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع سور رینج کے علاقے میں پیش آیا تھا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے واقعے کے بعد وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کے چیئرمین بشیر احمد بنگلزئی کی سربراہی میں تحقیقات کا حکم دیا تھا۔ کمیٹی کے دیگر ممبران میں محمد زمان بازئی اور محمد الیاس شامل تھے۔ انکوائری کمیٹی نے جائے وقوعہ کا دورہ کرنے، متعلقہ حکام کے بیانات قلم بند کرنے، شواہد اور دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لے کر حادثے کے دو ماہ بعد اپنی رپورٹ تیار کر لی ہے جس کی کاپی اردو نیوز نے حاصل کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق دھماکہ سردار محمد عثمان خان جوگیزئی کول کمپنی کی کان نمبر ایک میں دو پیر قریباً ڈھائی بجے ہوا جب دوسری شفٹ کام کر رہی تھی۔ دھماکہ کان کے قریباً 4 ہزار 180 فٹ اندر ہوا۔ کان نمبر ایک اور دو آکسیجن اور ہوا کی آمد و رفت کے لیے آپس میں جڑی ہوئی تھیں اور اس لیے دونوں کانیں متاثر ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق کان نمبر ایک مکمل طور پر بیٹھ گئی اور اس کے داخلی راستے اور وینٹی لیشن کا نظام متاثر ہوا۔ اس وقت دونوں کانوں میں مجموعی طور پر 32 کان کن کام کر رہے تھے جن میں سے ایک کان کن کان زندہ باہر نکل سکا۔ بعد ازاں مزید تین کان کن اپنے ساتھیوں اور رشتہ داروں کو بچانے کے لیے حفاظتی اور ریسکیو پوشاک نظر انداز کر کے اندر گئے لیکن وہ بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ قریباً تین دن بعد تمام نعشیں نکال کر ریسکیو آپریشن مکمل کیا گیا۔ طبی معائنے کے مطابق پانچ کان کنوں کی موت جلنے سے جبکہ 29 کی دم گھٹنے سے ہوئی۔ موصول ہونے والی انکوائری رپورٹ کے نتائج میں معلوم ہوا ہے کہ حادثے کی بنیادی وجہ کان میں غیر قانونی طور پر بارودی مواد کا استعمال تھا۔ کمیٹی نے محکمہ معدنیات کی کورٹ آف انکوائری کے نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ دھماکہ لانگ وال فیس یعنی کوئلہ نکالنے کے مقام پر ہوا۔ کوئلے کی سات سے آٹھ فٹ کی تہہ کے درمیان سخت چٹان کی پرت تھی جس میں ڈرل کے سوراخ ملے۔ ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہاں بلاسٹنگ کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق بلاسٹنگ سے کوئلے کی باریک دھول پیدا ہوئی جو مکمل طور پر کان کے شروع تک پھیل گئی۔ کورٹ آف انکوائری نے حادثے کو بارودی مواد کے غیر قانونی استعمال کا نتیجہ اور کان انتظامیہ کی غلطی قرار دیا۔ رپورٹ کے مطابق مالک، مینیجر اور مائن سردار کو معلوم تھا کہ زیر زمین بلاسٹنگ ہو رہی ہے مگر انہوں نے اسے نظر انداز کیا اور حکام کو اطلاع نہیں دی۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ دھماکہ خیز مواد کے استعمال اور ذخیرہ کرنے سے متعلق کول مائنز ریگولیشنز 1926 کے ضابطہ 99 اور 97 کی خلاف ورزی کی گئی۔ واضح رہے کہ ان قواعد و ضوابط کے تحت کوئلہ کانوں میں دھماکہ خیز مواد کے استعمال کی محدود پیمانے پر اجازت ہے، تاہم اس کے لیے لائسنس اور ماہر شخص کا ہونا ضروری ہے۔ مائنز انسپکٹریٹ کے حکام نے غیر قانونی کشیدگی ادارے کو بتایا کہ متعلقہ کمپنی کے پاس دھماکہ خیز مواد کے استعمال کے لیے لائسنس اور ماہر موجود نہیں تھا۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل لالہ سلطان خان کا کہنا ہے کہ جب دھماکہ خیز مواد استعمال کیا جا رہا تھا تو کان میں اتنی بڑی تعداد میں مزدور کیوں موجود تھے؟ ان کا کہنا ہے کہ ایسی حالت میں تمام مزدوروں کو نکال لیا جاتا ہے تاکہ حادثے کی صورت میں کم سے کم نقصان ہو، لیکن یہاں بدترین غفلت کا مظاہرہ کیا گیا جس کی وجہ سے درجنوں مزدوروں کی جانیں ضائع ہوئیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کوئلہ کانوں میں دس دس برسوں سے کوئلہ کی دھول کی صفائی نہیں ہوتی اور جب گیس یا کسی وجہ سے دھماکہ ہوتا ہے تو یہ دھول آگ پکڑ لیتی ہے اور انتہائی جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔ انکوائری کمیٹی نے پی ایم ڈی سی کے مینجنگ ڈائریکٹر اور سردار محمد عثمان خان اینڈ کمپنی کے مالکان اور انتظامیہ کے خلاف مائنز ایکٹ 1923 اور کول مائنز ریگولیشنز 1926 کے تحت فوجداری کارروائی کی سفارش کی ہے۔ ان میں کمپنی کے شراکت دار شیخ محمد عظیم، سردار علی احمد جوگیزئی، وزیر احمد جوگیزئی، افتخار احمد جوگیزئی اور خورشید احمد جوگیزئی، مینجنگ ڈائریکٹر سردار قربان علی جوگیزئی، مینیجر اختر شہزاد اور مائن سردار محمد گلاب شامل ہیں۔ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ حادثے کا شکار ہونے والوں میں چوبکان کن 18 سال سے کم عمر تھے۔ ان میں سے دو کی عمر 17 سال سے بھی کم تھی۔ ایک 16 سال تین ماہ جبکہ دوسرا 16 سال چار ماہ کا تھا۔ مائنز ایکٹ 1923 کے تحت 17 سال سے کم عمر افراد کو کان کے اندر ملازمت دینے پر پابندی عائد ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس حادثے میں تین بھائی اور ان کے ایک چچا بھی ہلاک ہوئے۔ رپورٹ میں دیگر تین خاندانوں کے ایسے چھ افراد کی فہرست شامل ہے جو اس حادثے میں جان سے گئے۔ رپورٹ کے مطابق قانون میں بھائیوں یا قریبی رشتہ داروں کو ایک شفٹ میں کام سے روکنے کی کوئی پابندی نہیں۔ کمیٹی نے بھائیوں اور قریبی رشتہ داروں کے ایک ہی شفٹ میں کام پر پابندی لگانے کے لیے قانون سازی کی سفارش کی ہے۔ تحقیقات میں کول مائن کمپنی کے مینیجر اختر شہزاد اور مائن سردار محمد گلاب کو اپنے فرائض کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق مائن سردار شفٹ شروع ہونے سے پہلے کے معائنے کا ریکارڈ خود نہیں لکھ سکتا تھا اور یہ کام ہائر کیپر کرتا تھا۔ کمیٹی نے سوال اٹھایا کہ ایسی صورت میں مائن سردار کیس ڈائجسٹر کی رپورٹنگ کیسے دیکھتا اور درج کرتا تھا؟ رپورٹ کے مطابق کان کا علاقہ پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کو لیز پر ملا تھا مگر ادارے نے ایک معاہدے کے تحت 282 ایکڑ علاقے میں کوئلہ نکالنے کے لیے کمپنی کو رائزنگ کنٹریکٹر (ٹھیکے) کے طور پر کام کرنے کی اجازت دی۔ اس کے بدلے فی ٹن 1230 روپے رائلٹی مقرر تھی۔ معاہدے کے مطابق کان کنی کے قوانین پر عمل اور حادثے کی صورت میں معاوضے کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر تھی۔ اس طرح پی ایم ڈی سی نے کسی حادثے کی صورت میں خود کو کسی بھی قسم کی ذمہ داری یا جواب دہی سے بری الذمہ کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ٹھیکیداری کے اس نظام کا قانون میں کوئی ذکر نہیں۔ یہ غیر قانونی ہے۔ لیز حاصل کر کے آگے کسی اور کو ٹھیکہ دینے سے کانوں میں کام کرنے والوں کی حفاظت کی ذمہ داری ختم نہیں ہو جاتی۔ کاروبار یا منافع کے معاہدے ان قانون اور آئین کے اصولوں سے بڑے نہیں ہو سکتے جو کان کنوں کی زندگی اور حفاظت کے لیے بنائے گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پی ایم ڈی سی نے کم سے کم 15 ایسے ٹھیکیداروں کو کام کی اجازت دی ہے جو بلوچستان مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025 کی دفعہ (5)55 کی خلاف ورزی ہے۔ انکوائری کمیٹی نے نشان دہی کی کہ بلوچستان میں 2935 کانوں کے لیے صرف 15 انسپکشن افسران موجود ہیں اور جس ریجن میں حادثہ پیش آیا وہاں 507 کانوں اور قریباً 6 ہزار کان کنوں کے لیے صرف ایک انسپکٹر، ایک جونیئر انسپکٹر اور ایک الیکٹریکل انسپکٹر ہیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ اس افرادی قوت کے ساتھ ایک انسپکٹر کے لیے ایک ہی کان کا سال میں دو بار معائنہ بھی ممکن نہیں۔ انکوائری کمیٹی نے انسپکٹریٹ آف مائنز کی تنظیم نو، تکنیکی استعداد بڑھانے اور دیگر صوبوں کے کان کنی کی حفاظتی نظام کا جائزہ لے کر بلوچستان میں قابل عمل ماڈل اپنانے کی سفارش کی ہے۔ اس کے علاوہ ان کنی میں استعمال ہونے والے دھماکہ خیز مواد کی فروخت اور استعمال کو موثر طریقے سے کنٹرول اور ڈیلی ٹھیکے کے تمام معاہدوں کا جائزہ لے کر انہیں منسوخ کرنے اور قانون کے مطابق کارروائی کی بھی سفارش کی ہے۔ کمیٹی نے مائنز مینٹیننس ایکٹ ترمیمی بل 2026 کو جلد حتمی شکل دینے کی بھی سفارش کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک صدی پرانا مائنز ایکٹ موجودہ ضروریات کے لیے ناکافی ہے۔ وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کی انکوائری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ زیر زمین کان کنی دنیا کے خطرناک ترین پیشوں میں سے ایک ہے، لہٰذا کان کنوں کی زندگیوں کے تحفظ کے لیے حفاظتی قوانین پر عمل درآمد اور نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانا ضروری ہے۔ محکمہ معدنیات نے بھی حادثے کی اندرونی تحقیقات کی جس کے بعد مائنز انسپکٹر سمیت تین افسران کو فرائض میں غفلت پر معطل کر دیا گیا جبکہ محکمہ افرادی قوت نے جائے وقوعہ کے دورے کے بعد الگ رپورٹ حکومت کو بھیجی۔ اس کے مطابق کان میں کوئی لیبر یونین نہیں تھی اور کمپنی مزدوروں کو یونین بنانے کی اجازت نہیں دیتی تھی۔ مزدوروں کی رہائش اجتماعی تھی اور انہیں صاف پانی بھی میسر نہیں تھا۔ محکمہ افرادی قوت کے مطابق معائنے کے وقت کسی مزدور کی ای او بی آئی میں رجسٹریشن پیش نہیں کی جا سکی۔ بعد میں 34 میں سے صرف 14 کی رجسٹریشن دکھائی گئی۔ کمپنی نے ورکرز ویلفیئر بورڈ کے فنڈ میں لازمی دو فیصد شراکت بھی جمع نہیں کرائی جس سے مزدوروں اور ان کے بچوں کو مالی امداد اور وظائف ملتے ہیں۔ محکمہ افرادی قوت نے سفارش کی ہے کہ مرنے والے ہر مزدور کے لواحقین کو مالکان کی طرف سے دی جانے والی رقم 5 لاکھ سے بڑھا کر 20 لاکھ روپے کی جائے۔ رائٹ ٹو انفارمیشن کے تحت ایکسٹ عمران علی کو ملنے والی دستاویزات کے مطابق چیف انسپکٹر آف مائنز نے بتایا کہ دھماکے سے پہلے متاثرہ کان کو غیر محفوظ قرار دے کر سیل نہیں کیا گیا تھا۔ دستاویزات کے مطابق حادثے سے قبل انسپکٹریٹ نے کمپنی کی چار کانوں کا معائنہ کیا۔ متاثرہ دونوں کانوں میں حفاظتی انتظامات تسلی بخش قرار دیے گئے۔ دیگر دو کانوں (کان نمبر تین اور چھ) میں وینٹی لیشن کی خرابی، زہریلی گیسوں، کوئلے کی دھول اور لکڑی کے سہاروں کی کمی پر شوکاز نوٹس جاری ہوئے اور کام بند کر دیا گیا۔ 10 جون کو کان نمبر ایک اور دو کے معائنے میں شفٹ سے پہلے معائنہ نہ ہونے، لکڑی کے سہاروں کی کمی اور کوئلے کی دھول صاف نہ ہونے کی خلاف ورزیاں ملیں اور وارننگ دی گئی۔ 26 جون کو کمپنی کے مینیجر نے تمام خلاف ورزیاں دور کرنے کا دعویٰ کیا۔ اس کے 34 دن بعد ان دونوں کانوں میں حادثہ پیش آیا۔ عمران علی کا کہنا ہے کہ ایسا لگتا ہے انسپکٹریٹ کا فوری کارروائی پر مطمئن ہو گیا تھا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب باقی خلاف ورزیاں نظر آ گئیں تو ڈرل ہولز یعنی تاہم مائنز انسپکٹریٹ کا کہنا ہے کہ حادثے سے قریباً 50 دن پہلے کے معائنے میں متاثرہ کانوں میں کوئی سنگین خلاف ورزی نظر نہیں آئی تھی اور حادثے سے قبل دونوں متاثرہ کانوں سے معمول کے مطابق کوئلہ نکالنے کا کام جاری تھا۔ اس حادثے کے بعد کان مالکان، مینیجر اور مائن سردار کے خلاف قتل بالسبب کی دفعہ 322 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ حکام کے مطابق ملزمان نے گرفتاری سے پہلے ہی ضمانت حاصل کر لی تھی، اس لیے انہیں گرفتار نہیں کیا جا سکا۔ مزدوروں کی جان کی قیمت پر کوئلہ نکالا جاتا ہے کوئلہ، دھول، بارودی اور دکی سمیت بلوچستان کے کئی اضلاع میں کوئلے کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ یہاں کا کوئلہ ملک بھر میں اینٹوں کے بھٹوں، سیمنٹ کے کارخانوں اور گھریلو گھروں میں استعمال ہوتا ہے۔ ان کانوں میں ہزاروں کان کن کام کرتے ہیں جن کی اکثریت خیبر پختونخوا کے سوات، شانگلہ اور دیگر علاقوں سے آتی ہے۔ اس حادثے میں ہلاک ہونے والوں میں سے 33 کا تعلق شانگلہ سے تھا اور ان کی اکثریت ایک ہی گاؤں کے رہنے والوں کی تھی۔ مائنز انسپکٹریٹ کے اعداد و شمار کے مطابق 2021 سے اب تک بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں 268 حادثات میں 458 کان کن ہلاک ہو چکے ہیں۔ صرف رواں سال اب تک 35 حادثات میں 75 کان کنوں کی موت ہوئی ہے۔ انسانی حقوق کمیشن کی ایک رپورٹ کے مطابق حفاظتی انتظامات پر عمل نہ ہونے سے ہر سال اوسطاً 100 سے زائد کان کن ہلاک ہوتے ہیں۔ انکوائری رپورٹ کے مطابق کمپنی کی چار پیداواری کانوں سے گذشتہ تین مالی سال میں 68 ہزار ٹن سے زائد کوئلہ نکالا گیا اور اس مدت میں 89 لاکھ روپے انکم ٹیکس ادا کی گئی۔ مزدور تنظیموں کے مطابق اس علاقے کا کوئلہ بلوچستان میں سب سے مہنگا ہے اور اس کی قیمت 30 ہزار روپے فی ٹن سے زیادہ ہے۔ اس حساب سے تین برسوں کے دوران دو ارب روپے سے زائد مالیت کا کوئلہ نکالا گیا۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل لالہ سلطان خان کا کہنا ہے کہ اس سے واضح ہوتا ہے کہ مالکان اور کمپنیوں کی ترجیح منافع ہے، مزدوروں کی جانوں کی حفاظت نہیں۔ ان کے مطابق یہاں مزدوروں کی جان کی قیمت پر کوئلہ نکالا جا رہا ہے۔ یہاں ہر سال سینکڑوں مزدور مرتے ہیں۔ ایک دہائی پہلے بھی صرف ایک حادثے میں 50 سے زائد کان کن ہلاک ہوئے مگر ذمہ داروں کو آج تک سزا نہیں ملی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ان تازہ تحقیقات کی روشنی میں ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔

شال بقیہ 2

عرب کی تنظیمی غیر حتمی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتا ہے، پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی تنظیمی اور تقدس کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا پاکستان دونوں مقدس مساجد کے تحفظ، عوام کی حفاظت اور حاجیوں کے تحفظ کیلئے سعودی عرب کی کوششوں کے ساتھ کھڑا ہے، پاکستان خطہ میں امن کیلئے کوشاں رہا ہے اور یہ کوششیں جاری رکھے گا۔

شال بقیہ 3

کرنے پر زور دیا ہے، تاہم حکومت نے موٹر سائیکل اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے فوری ریلیف اسکیم فوری طور پر ختم نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسکیم میں تین ماہ سے زیادہ توسیع ممکن نہیں، جبکہ تین ماہ کی فیول سبسڈی کی اصل لاگت 75 ارب روپے سے تجاوز کر سکتی ہے۔ پاکستان نے آئی ایم ایف کو پیٹرول کی قیمتوں کا تفصیلی کاسٹ بریک ڈاؤن بھی پیش کر دیا۔ ذرائع کے مطابق درآمدی پیٹرول کی قیمت تقریباً 250 روپے فی لیٹر بنتی ہے جبکہ صارفین کو یہ تقریباً 390 روپے فی لیٹر میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پیٹرول پر تقریباً 110 روپے فی لیٹر ٹیکس اور 27 روپے مختلف مارجنز کی مد میں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے پاکستان کو ایندھن پر سبسڈی یا کراس سبسڈی دینے کی مخالفت کی ہے اور عمومی سبسڈی کے بجائے محدود اور وقتی ریلیف پر زور دیا ہے۔ پیٹرول سبسڈی کے علاوہ گیس سیکٹر کے 1.4 ٹریلین روپے کے قابل وصول واجبات کے معاملے پر بھی حکومت اور آئی ایم ایف کے درمیان اختلاف برقرار ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف گیس سیکٹر کمپنیوں کے واجبات معاف کرنے پر زور دے رہا ہے جبکہ حکومت کو اس تجویز پر تحفظات ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ بڑھ کر 3.6 ٹریلین روپے تک پہنچ چکا ہے۔ حکومت نے گردشی قرضے کے حل کے لیے اپنا منصوبہ آئی ایم ایف کے سامنے پیش کر دیا ہے، جس میں سوئی گیس کمپنیوں کے لیوف ڈیفرنس ٹھیکوں کے ذریعے قرضے کو نمٹانے کی تجویز بھی شامل ہے۔ حکومت کی جانب سے او جی ڈی سی، پی پی ایل اور جی ایچ پی ایل کے اضافی منافع سے گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ نمٹانے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق گیس کمپنیوں کے تقریباً 850 ارب روپے کے منافع کو استعمال کرنے کی تجویز پر آئی ایم ایف نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے مالی طور پر غیر جانبدار نہ ہونے کا مؤقف اختیار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گیس سیکٹر کے گردشی قرضے کے انتظامی منصوبے پر تفصیلی اجلاس آئندہ ہفتے متوقع ہے۔ آئی ایم ایف نے گیس سیکٹر میں اصلاحات اور گیس چوری میں کمی کے اقدامات کو سراہا ہے، تاہم پیٹرولیم شعبے کے مذکورہ دونوں اہم معاملات پر حتمی اتفاق رائے تاحال نہیں ہو سکا۔

شال بقیہ 4

ٹیچرنگ اور آٹو میکینک کی جدید ترین عملی تربیت فراہم کرنا ہے۔ اس معاہدے پر ایم ڈی پی ٹی نیوٹا عبدالحکیم خان زرکون اور پاک سوزوکی کمپنی کے ڈپٹی ایم ڈی (Yoshitaka Oishi) نے دستخط کیے۔ تقریب کے اہم مہمان سیکرٹری لیبر ایندھن پاور صالح محمد ناصر تھے، جبکہ اس موقع پر پی ٹی نیوٹا کے ڈائریکٹرز، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور پاک سوزوکی کمپنی کے اعلیٰ حکام نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ معاہدے کے پہلے مرحلے کے تحت پاک سوزوکی کمپنی نے پی ٹی نیوٹا کے مختلف ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹرز کے لیے 12 جدید ترین گاڑیوں کے انجن فراہم کر دیے ہیں، تاکہ طالب علم آٹو میکینک ٹریڈ میں محض نظریاتی علم تک محدود نہ رہیں بلکہ ان انجنوں پر براہ راست عملی مشق کر سکیں۔ اس شراکت داری کے اگلے مرحلے میں پاک سوزوکی کمپنی پی ٹی نیوٹا کے آٹو میکینک انسٹرکٹرز کی تعلیمات میں اضافے کے لیے انہیں خصوصی ٹریننگ دے گی۔ ان سینٹرز کے ذریعے اساتذہ کو آٹو موبائل کی دنیا میں آنے والی نئی ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جائے گا تاکہ وہ طالب علموں کو انڈسٹری کے جدید ترین معیار کے مطابق تربیت دے سکیں۔ دونوں اداروں نے عزم ظاہر کیا ہے کہ آئندہ بھی اس قسم کا باہمی تعاون اور اساتذہ و طلبہ کے لیے تربیتی سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

شال بقیہ 5

رابطہ کاری اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون سے متعلق مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دونوں جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور صوبائی اپنے ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدن میں اضافے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے درمیان رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کو مزید موثر بنانے پر بھی زور دیا گیا، تاکہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد بہتر، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی موثر اور محصولات کی وصولی کے نظام کو مزید فعال بنایا جا سکے۔

شال بقیہ 6

کے مطابق صدر مملکت نے آپریشن میں 7 خوارج دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔

شال بقیہ 7

والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام و دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکیورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہے جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالیٰ خود اس ملک کی حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

شال بقیہ 8

ہندوستان کے آلہ کار کے طور پر دہشتگردی کے سنگین نتائج کی ذمہ دار صرف اور صرف طالبان کی مخبوط الحواس قیادت ہے۔ فورم نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے تسلسل کے ساتھ کامیاب انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کو سراہا اور کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کے لئے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں۔ شرکا کانفرنس نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کے لئے لازم ہے کہ گورننس کو بنیادی سطح پر عوام کے قریب ترین لایا جائے، یہ بھی ضروری ہے کہ عوام کے ساتھ دہشتگردی کی وجوہات اور عوامل پر موثر رابطہ کاری اور بیانیے پر کام کیا جائے۔ کورکمانڈرز کانفرنس کے مطابق دہشتگردی کے خاتمے کے لئے مخصوص عناصر کے زیر سایہ چلنے والے کرائم Terror - گٹھ جوڑ کو توڑنا ضروری ہے، پولیس کی استعداد کار کو بھی بڑھانا ہوگا، پاکستان کے لئے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے۔ کانفرنس کے مطابق کسی بھی جواز پر، تشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو فیصلہ کن طاقت اور قانون کے ساتھ بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔ فورم نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین طے پانے والے مکہ مکرمہ کے دفاعی معاہدے کا بھرپور خیر مقدم کیا اور اس کو دیرینہ سٹریٹجک تعلقات اور مشترکہ دفاعی تعاون کے فروغ میں اہم قرار دیا۔ کورکمانڈرز کانفرنس کے شرکا نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت اور اظہار برہمی کیا، شرکا کانفرنس نے سعودی عرب کے ساتھ اظہار یکجہتی اور حرمین شریفین کے تحفظ اور تقدس کے لیے پاکستان کے عزم کا بھرپور اعادہ کیا۔ شرکا کانفرنس نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو مزید مضبوط کرنے کے عمل کو جاری رکھا جائے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ فارمیشنز جدید ٹیکنالوجی کے حصول، ٹریننگ اور تمام جنگی جہتوں کے انضمام کے ذریعے اپنی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔

شال بقیہ 9

قیادت نے محمود خان اچکزئی کا مطالبہ ماننے سے انکار کر دیا ہے اور حکومت اور اپوزیشن پارٹی سے مذاکرات کے لئے نیا وفد تشکیل دے دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیر سنز گوہر، راجا ناصر عباس، اسد قیصر کے علاوہ سلمان اکرم راجا، عامر ڈوگر اور عظیم عادل شیخ بھی اپوزیشن وفد کا حصہ رہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی پیر سنز گوہر کا کہنا تھا کہ حکومت سے مذاکرات کیلئے اپوزیشن وفد 6 ارکان پر مشتمل ہوگا، پی ٹی آئی کی پولیٹیکل اور کور کمیٹی نے اپوزیشن وفد کے ناموں کی توثیق کر دی۔ اپوزیشن وفد نے اسٹیکر قومی اسمبلی کے دفتر میں حکومتی وفد سے مذاکرات کئے۔ پوزیشن وفد کا اسٹیکر چیئرمین بیرسٹر گوہر ایاز صادق نے استقبال کیا۔ حکومتی وفد میں وزیر داخلہ محسن نقوی، شیری رحمان، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور طلال چوہدری، اعجاز حاکم رانی، نوید قمر، رانا ثناءاللہ اور امیر مقام شامل تھے۔

شال بقیہ 10

امریکا دفاعی شراکت داری پر گفتگو کی، سعودی اور امریکی وزرائے دفاع کے درمیان علاقائی سلامتی اور استحکام پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ سعودی وزیر دفاع نے فرانسیسی وزیر مسلح افواج کیتھرین وٹرین سے دفاعی تعاون پر گفتگو کی، خالد بن سلمان اور کیتھرین وٹرین نے علاقائی سلامتی کو درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دوران گفتگو سعودی وزیر دفاع نے امریکی وفد سے سعودی وزرائے دفاع پر عالمی امن و سلامتی کے تحفظ کے اقدامات پر زور دینے کا مطالبہ کیا۔

شال بقیہ 11

اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مدینہ منورہ پر حملہ عالم اسلام کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے۔ یہ صرف مملکت سعودی عرب پر نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ پر حملہ ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ امت مسلمہ کو یکجا ہو کر حملہ آوروں کا مقابلہ کرنا ہوگا، مسلمان حکمران اگر حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے متحد نہیں ہوں گے تو پھر کب ہوں گے؟ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ جمعیت علمائے اسلام کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔

شال بقیہ 12

نے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت کے لئے ایمرجنسی یا کورٹ راج ناپسندیدہ ہے، اور ن لیگ کا تو ہمیشہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے خلاف موقف رہا ہے۔ تاہم کے پی میں یہی صورتحال رہی تو پھر کیا آپشن رہتا ہے؟۔ وائیوا چوہدری کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کی لہر ہے لیکن وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اجلاس میں نہیں آ سکے۔ خیبر پختونخوا میں روز جوان شہید ہو رہے ہیں روز لوگوں کے جنازے اٹھ رہے ہیں لیکن پی ٹی آئی کی جانب سے نہ کوئی بیان آتا ہے اور نہ کوئی بندہ جنازوں پر آتا ہے۔ انہوں نے سہیل آفریدی کے 14 اکتوبر کو اعلان کردہ لانگ مارچ کے حوالے سے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت جان کشمپ پیڈ گاڑی کی طرح ہے، جو مردان سے آگے نہیں آ سکتی۔ پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات نے واضح کہا کہ لانگ مارچ کوئی مسئلہ نہیں ہے، کیونکہ حکومت اسلام آباد کا تحفظ کرنا جانتی ہے۔

شال بقیہ 13

سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انھوں نے این ڈی ایم اے کے چیئرمین ایمبیسیڈر آپریشن سینٹر (این ای او سی) میں جوائنٹ پاک گھوبل لیک کمیٹی کے قیام کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کے دوران کہی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے اجلاس کو این ای او سی کے آفات کی نگرانی، پیشگی وارننگ، تیاری اور مربوط ردعمل میں کردار پر بریفنگ دی۔ انہوں نے این ڈی ایم اے کے ٹیکٹ جنریشن ٹیکنالوجی منصوبے اور موثر آفات کے انتظام میں بین الاقوامی تعاون کے لئے گلوبل ریزیلینس حب قائم کرنے کے منصوبوں کا بھی خاکہ پیش کیا۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ نے موسمیاتی تبدیلی کے پیش نظر پاکستان کی حساسیت کے باعث بار بار آنے والی قدرتی آفات کے خلاف پاکستان کی مزاحمتی صلاحیت کو مضبوط

سرکاری محصولات کی وصولی میں شفافیت کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

محمد خان لہری

صوبے میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور عوام دوست بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز

محکمے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو بروقت اور شفاف سہولیات فراہم کی جا سکیں، بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز بلوچستان حاجی محمد خان لہری نے کہا ہے کہ صوبے میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور عوام دوست بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عوام کو سرکاری محکموں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

الیکٹرک انسپکٹر محکمہ توانائی حب انجینئر سراج احمد سالانی میں کے الیکٹرک کے صارفین کی شکایات سن رہے ہیں

وزیر خزانہ سے ورلڈ بینک کے وفد کی ملاقات

معاشی اصلاحاتی شراکت داری کے تحت مسلسل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے وفد نے ملاقات کی، جس میں جاری معاشی اصلاحاتی شراکت داری کے تحت پیش رفت اور مستقبل کی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں ترقی، روزگار، مالیاتی انتظام، ریونیو موبلائزیشن، تجارت و سرمایہ کاری اور انسانی پارٹنرشپس سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محمد اورنگزیب نے معاشی اصلاحات کو جاری اور قابل عمل اقدامات میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحات کے ڈیزائن سے موثر عملدرآمد کی جانب منتقل ہونا ضروری ہے

پولیس چوکی کے سامنے جیکب آباد سے آنے والی مسافر ویگن لوٹ لی گئی

ڈی آئی جی نصیر آباد سمیت قوم اہلی افسران علاقے میں شکار اور نیا تھانوں میں مصروف رہے، پولیس روایتی غفلت کا شکار

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی غفلت اور ناکامی کا منہ بولتا ثبوت سامنے آیا ہے، جہاں پولیس چوکی کے بالکل سامنے جیکب آباد سے میر حسن آنے والی مسافر ویگن کو اسلحہ کے زور پر لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد (سندھ) سے مسافروں کو لے کر میر حسن (بلوچستان) جانے والی ویگن کو تھانہ جیانی کی حدود میں واقع اسحاق پولیس چیک پوسٹ کے چند قدم کے فاصلے پر مسلح افراد نے روکا اور مسافروں سے لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فونز، نقدی اور دیگر قیمتی سامان اسلحہ کے زور پر لوٹ کر باآسانی فرار ہو گئے۔ ذرائع نے انکشاف کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اوتھل، ایلیمنٹری کالج میں دوسرے ضلع کے ملازم کی تعیناتی پر جی ٹی اے لسبیلہ کا شدید احتجاج

مقامی خاتون ملازمہ کو ہٹا کر دوسرے ضلع کے امیدوار کو تعینات کرنا ناانصافی ہے، جی ٹی اے رہنما

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر محمد اسلم روغجو، سینئر نائب صدر یار محمد دفا، نائب صدر پرنس محمد قاسم روغجو، جونیئر نائب صدر محمد افضل قاضی، جنرل سیکرٹری قاضی احسان الحق بلوچ، چیئرمین عبدالواحد سومرو، ڈپٹی جنرل سیکرٹری جاوید گل، سیکرٹری اطلاعات و نشریات عنایت اللہ شاہوک، سیکرٹری مالیات غلام محمد گلفام دودا، جوائنٹ سیکرٹری عبدالصمد، محمد اسلم عدیل، آڈیٹر محمد اسلم روغجو اور دیگر عہدیداران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ایلیمنٹری کالج اوتھل میں تعینات لیبارٹری اسسٹنٹ کے فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اوتھل میں زرعی ترقیاتی بینک کی نئی برانچ کا افتتاح کر دیا گیا

چھوٹے زمینداروں کو زراعت، لائیو اسٹاک اور ٹیوب ویلز کے لیے آسان شرائط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں

اوتھل (خ ن) خبرنامہ اوتھل میں زرعی ترقیاتی بینک کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب ڈویژنل ہیڈ کوارٹر اوتھل میں منعقد کی گئی، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ و چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ اور جنرل منیجر زرعی ترقیاتی بینک سندھ بلوچستان سید تجمل جیلانی نیر وقار تقریب میں بینک کی ان عمارت کا افتتاح فیتہ کاٹ کر کیا زرعی ترقیاتی بینک کے ریجنل بزنس ہیڈ کوئٹہ پرویز احمد نے افتتاحی تقریب کے موقع پر زمینداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زرعی ترقیاتی بینک اوتھل کی برانچ بلڈنگ کے قیام سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ڈی ایچ او بارکھان کا بی ایچ یو رکھنی اور ریسکیو 1122 مرکز کا دورہ

صحت مراکز میں صفائی، اسٹاف حاضری اور سروسز کا معیار ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈی ایچ او

رکھنی (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بارکھان ڈاکٹر میر دین کیتران نے رکھنی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بی ایچ یو رکھنی کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اسٹاف کی حاضری، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ڈی ایچ او بارکھان نے اسٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تمام ملازمین اپنی حاضری یقینی بنائیں جبکہ بی ایچ یو میں صفائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ مریضوں کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔

نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیلنے والے 'آئس' کے زہر کی فیکٹریاں فوری بند کی جائیں، رحیم کاکڑ

صوبے کا ہر دوسرا گھر اس ناسور سے متاثر ہو چکا ہے، حکومت بحالی مراکز میں مددگرے اور سرپرستوں کو نشان عبرت بنایا جائے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر ناظم رحیم کاکڑ سردار حسن شاہ جمیل یوسفان ایڈووکیٹ میر وائیس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ توقیر بھٹی نعمت اللہ ضیاء الحق امین آغا ارشد ایچزئی سردار بہلول سردار احمد، شاہ مصور نے اپنے مشترکہ بیان میں اے این ایف اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نوجوان نسل کی بربادی تباہی کے سبب بننے والے زہر آئس کی فیکٹریاں کو صوبے کے طول و عرض میں فوری طور سے بند کیا جائے اور ان کی سرپرستی کرنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے اس وقت صوبے کے نوجوان مردانگی کے لڑکیاں اس ناسور والی نشہ میں مبتلا ہے ہر دوسرا گھر اس سے متاثر ہو چکا ہے

رخشانی، مکران اور جھالاوان کے ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی متاثر ہے

مولانا ہدایت الرحمن بلوچ

ادویات کی گاڑیوں کو لوٹنے کے واقعات ناقابل قبول، مجرموں کو زنجیل یقینی بنائی جائے، جماعت اسلامی غریب عوام کے علاج کے لیے فراہم کی جانے والی ادویات لوٹنا ناقابل قبول اور قابل مذمت ہے

اگر ان کے بقول مسلح تنظیمیں ادویات کی گاڑیوں کو لوٹ رہی ہیں تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ غریب عوام کے علاج کے لیے مختص ادویات کو نشانہ کیوں بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ گزشتہ تین ماہ سے رخشان، مکران اور جھالاوان ڈویژن کے ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی متاثر ہے، جبکہ کوئٹہ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کوئٹہ: صوبائی مشیر نوابزادہ عامر عزیز جیری مرحوم ملک میر واعظ خان کاکڑ کی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

حرمین الشریفین کی حرمت و تقدس کا تحفظ ہر کلمہ گو مسلمان کے ایمان کا تقاضا ہے، جمعیت

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پر جارحیت ناقابل قبول ہے، عالم اسلام کو مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے متحد ہونا ہوگا، بے یو آئی کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان پادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ حرمین الشریفین پوری امت مسلمہ کے مقدس ترین مراکز اور مسلمانوں کی مشترکہ متاع ہیں ان کی حرمت و تقدس کا تحفظ ہر کلمہ گو مسلمان کے ایمان اور دینی غیرت کا تقاضا ہے۔

برطانوی اخبار کی رپورٹ؛ طاہر اشرفی اور ان کے بھائی کیخلاف شفاف تحقیقات کا مطالبہ

سول سوسائٹی نیٹ ورک نے طاہر اشرفی کی سرکاری اور بین الاقوامی نمائندگی کے حوالے سے بھی معاملے کی جانچ کا مطالبہ کیا ہے

لاہور (آن لائن) لاہور میں سول سوسائٹی نیٹ ورک پاکستان نے برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف میں حافظ طاہر محمود اشرفی اور ان کے بھائی حسن معاویہ اشرفی سے متعلق شائع ہونے والی رپورٹ کے تناظر میں وزیراعظم شہباز شریف سے معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کروانے کا مطالبہ کر دیا۔ سول سوسائٹی نیٹ ورک کے صدر عبداللہ ملک ایڈووکیٹ کی جانب سے وزیراعظم کو ارسال کیے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ 24 ستمبر 2026 کو دی ٹیلی گراف میں شائع ہونے والی تحقیقاتی رپورٹ میں توہین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

عمران خان سے ملاقات، اسپتال منتقلی کی شرط سے پیچھے نہ ہٹا جائے، سہیل آفریدی

پی ٹی آئی کی قیادت حکومت سے مذاکرات کے حوالے سے مشاورت کے لیے پشاور میں سر جوڑ کر بیٹھے گی

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر سے کہا ہے کہ حکومت سے مذاکرات میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات اور ان کی اسپتال منتقلی کی شرط سے کسی صورت پیچھے نہ ہٹا جائے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے حکومت سے مذاکرات کے بعد وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے رابطہ کیا اور انہیں مذاکرات کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے بیرسٹر گوہر سے کہا کہ بانی چیئرمین سے ملاقات اور ان کی اسپتال منتقلی کی شرط سے کسی صورت پیچھے نہ ہٹا جائے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی لانگ مارچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

سول اسپتال میں رکن اسمبلی رحمت بلوچ کی کامیاب انجیوپلاسٹی

سرکاری اسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری کے مثبت اثرات نمایاں ہونے لگے، وزیراعلیٰ بلوچستان

صحت اصلاحات کا مقصد عوام کو علاج کیلئے دوسرے شہروں کے رخ سے نجات دلانا ہے

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات اور سرکاری اسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری کے مثبت اثرات نمایاں ہونے لگے ہیں، جہاں عام شہریوں کے ساتھ اراکین صوبائی اسمبلی بھی سرکاری اسپتالوں سے علاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

بارکھان: ڈی ایچ او ڈاکٹر میر دین کیتران بی ایچ یو میٹانی کے دورے کے دوران عملے کی حاضری چیک کر رہے ہیں

چھتر RTSM کی رپورٹنگ پر لیپکا نصیر آباد کے شدید تحفظات

کلریکل اسٹاف کے مقف اور زمینی حقائق کو نظر انداز کرنا ناانصافی ہے، عبداللہ بلوچ، بابو محمد عالم

چھتر (یو این اے) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (لیپکا) نصیر آباد ڈویژن کے صدر عبداللہ بلوچ، ایجوکیشن یونٹ کے صدر بابو محمد عالم بلوچی، جنرل سیکرٹری برکت علی سامت، بابو حسین بخش جونیجو، نائب صدر برکت علی گولہ اور دیگر عہدیداران نے RTSM کی جانب سے کلریکل اسٹاف سے متعلق رپورٹنگ پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے معاملے کا جائزہ لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ لیپکا رہنماؤں کی جانب سے جاری مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کلریکل اسٹاف محکمہ تعلیم کے انتظامی اور دفتری امور کی انجام دہی میں اہم ذمہ داریاں سرانجام دیتا ہے۔

علی نواز بلوچ مقررہ عمر ملازمت پوری ہونے پر ایس پی کے عہدے سے ریٹائر ہو گئے

اعلیٰ پولیس حکام نے ان کی فرض شناسی، محنت اور گراں قدر خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان پولیس کے سینئر پولیس افسر علی نواز بلوچ (ایس پی) 38 سالہ طویل، شاندار اور قابل قدر پولیس سروس کے بعد 6 اکتوبر 2026ء کو اپنی مقررہ عمر ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے۔ علی نواز بلوچ (ایس پی) نے سال 1988ء میں بطور اسسٹنٹ سب انسپکٹر (ASI) بلوچستان پولیس میں اپنی پیشہ ورانہ خدمات کا آغاز کیا اور اپنی محنت، لگن، فرض شناسی اور بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی کے باعث مختلف عہدوں پر خدمات انجام دیتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (SP) کے عہدے تک ترقی حاصل کی۔

آزاد کشمیر کونسل کے انتخابات، چار کامیاب ارکان کا نوٹیفکیشن جاری

چوہدری لطیف اکبر، مشتاق احمد منہاس، چوہدری محمد سعید اور چوہدری منظور احمد منتخب قرار

مظفر آباد (آن لائن) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے آزاد کشمیر کونسل کے انتخابات میں کامیاب ہونے والے چار ارکان کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے 2 اکتوبر 2026 کو جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹرننگ افسر سے موصول ہونے والے انتخابی نتائج کی بنیاد پر چوہدری لطیف اکبر، مشتاق احمد منہاس، چوہدری محمد سعید اور چوہدری منظور احمد کو آزاد جموں و کشمیر کونسل کا رکن منتخب قرار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق چوہدری لطیف اکبر کا تعلق ضلع مظفر آباد، مشتاق احمد منہاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ایرانی قوم کی ہمت، بہادری اور ثابت قدمی نے پوری دنیا کو حیران کر دیا، صدر پیوٹن

ماسکو (آن لائن) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے امریکی حملوں کے سامنے ایرانی قوم کی بہادری، شجاعت اور ثابت قدمی کو سراہا ہے۔ صدر پیوٹن نے ماسکو میں روس کے بین الاقوامی ماہرین کے والڈائی فورم میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ویٹو کے باوجود ایران پر اقوام متحدہ کی پابندیاں برقرار ہیں، برطانیہ

لندن (آن لائن) برطانیہ نے کہا ہے کہ ویٹو کے باوجود ایران پر اقوام متحدہ کی پابندیاں برقرار ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ میں برطانوی سفیر سارہ میکانوش نے کہا ہے کہ ایرانی جوہری پھیلاؤ سے متعلق اقوام متحدہ کی پابندیاں مکمل طور پر نافذ العمل ہیں۔ ان کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

الیکشن کمیشن نے متحدہ علماء و مشائخ کونسل کے انٹرا پارٹی الیکشن کی منظوری دیدی

اسلام آباد (یو این اے) الیکشن کمیشن نے متحدہ علماء و مشائخ کونسل پاکستان کے انٹرا پارٹی الیکشن کی منظوری دے دی اور اس کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جمعے کو الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق متحدہ علماء و مشائخ کونسل پاکستان نے 18 مئی 2026 کو انٹرا پارٹی الیکشن کروائے، اس کے بعد پارٹی عہدیداروں کے نام اور عہدوں کی تمام تفصیلات الیکشن کمیشن کو ارسال کیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

طلبہ وفد کا واشنگٹن میں پاکستانی سفارتخانے کا دورہ، سفارتی کردار میں اظہار دلچسپی

پاکستان کی کامیاب، علاقائی اور عالمی امن پر مرکوز سفارت کاری کا سفر آخر دہائیوں پر محیط ہے، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (آن لائن) ہارٹ فورڈ یونیورسٹی کے بین الاقوامی طلبا کے وفد نے واشنگٹن میں سفارتخانہ پاکستان کا دورہ کیا، جہاں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے طلبا کو پاکستان کی سفارتی ترجیحات، عالمی و علاقائی امن کیلئے کوششوں اور پاک۔امریکہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کیا۔ ہارٹ فورڈ یونیورسٹی، کنیکٹیکٹ سے تعلق رکھنے والا طلبا کا وفد پیس اینڈ جسٹس ایسوسی ایشن کانفرنس میں شرکت کے سلسلے میں واشنگٹن پہنچا تھا، وفد میں بین الاقوامی پیس بلڈنگ پروگرام میں ماسٹرز ڈگری حاصل کرنے والے طلبا شامل تھے۔

دکی: ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کیزئی انسداد منشیات مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ایم اے بلوچستان کے وفد کی نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات

صحت کا شعبہ تشویشی ہے، پالیسی سازی اور انتظامی عہدوں پر ڈاکٹروں کو تعینات کیا جائے، پی ایم اے وفد کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان اور کوئٹہ زون کی کابینہ کے ایک اعلیٰ سطح وفد نے پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کی قیادت میں نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات کی۔ وفد میں جنرل سیکرٹری ڈاکٹر زرک محمد شاہی، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر احمد عباس، ترجمان ڈاکٹر عبداللہ ورگ، فنانس سیکرٹری ڈاکٹر طارق بلوچ، کوئٹہ زون کے صدر ڈاکٹر نادر اچکزئی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شعیب بلوچ اور نائب صدر ڈاکٹر کامیار شامل تھے۔

کوئٹہ میں بغیر لائسنس بغیر کاغذات اور کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیاں تیز

کم عمر ڈرائیورز نہ صرف اپنے زندگی کو خطرے میں ڈالتے ہیں بلکہ دوسروں کے لیے بھی خطرات کا باعث بنتے ہیں

دو ماہ میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر ایک کروڑ 16 لاکھ 48 ہزار 700 روپے جرمانے وصول کیے گئے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) شہر میں ٹریفک قوانین پر سختی عملدرآمد کو یقینی بنانے، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور سڑکوں پر بڑھتے ہوئے حادثات کی روک تھام کے لیے ٹریفک پولیس نے بغیر ڈرائیونگ لائسنس، بغیر ضروری دستاویزات گاڑی چلانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: فیڈرل منسٹر فار فنانس اینڈ ریونیو، سینیٹر محمد اورنگزیب، وزراء بینک کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

کرک میں گیس دھماکہ، عمارت منہدم، خواتین دیگیوں سمیت 4 افراد جاں بحق، 10 زخمی

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں گیس دھماکے سے عمارت کا حصہ منہدم ہو گیا، جس کے نتیجے میں خواتین دیگیوں سمیت 4 افراد جاں بحق اور 10 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق کرک کے علاقے سیدہ میں او جی ڈی سی ایل کے قریب گھر میں گیس کنکشن کے کام کے دوران اچانک گیس ہو گیا۔ دھماکے سے عمارت کا ایک حصہ منہدم ہو گیا۔

الیکشن کمیشن کی پنجاب میں بلدیاتی انتخابات 14 دسمبر کو کرانے کی تجویز

لاہور (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب حکومت کو بلدیاتی انتخابات 14 دسمبر کو کرانے کی تجویز دیدی۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں انتخابات کا ڈرافٹ شیڈول چیف سیکرٹری پنجاب کو بھیج دیا۔ الیکشن کمیشن کے مجوزہ شیڈول کے تحت کاغذات نامزدگی 27 اکتوبر سے 30 اکتوبر کے درمیان جمع کرائے جائیں گے جب کہ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 2 سے 5 نومبر کے دوران ہوگی۔

چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی ڈی جی ایکسائز ساتھ زمان خان سے ملاقات

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق صوبائی آمدن میں اضافے اور باہمی تعاون کو مزید موثر بنانے پر اتفاق

حب (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے چیئرمین عبداللہ خان نے حب میں ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساتھ زمان خان سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ٹیکس اصلاحات، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی رابطہ کاری اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دونوں جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور صوبے کے اپنے ذرائع سے حاصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کا آغاز شہریوں کے لیے اہم پیشرفت ہے، احمد علی درانی

بزرگ شہریوں کے لیے مفت سفری سہولیات کا اعلان قابل ستائش اقدام ہے، احمد علی درانی

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین بلوچستان سینئر سٹیزن و بلیٹیز کونسل حکومت بلوچستان احمد علی درانی نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہریوں کو سفری سہولیات میں درپیش مشکلات کے ازالے کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ذاتی اور مخلصانہ کاوشوں کی بدولت جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کا آغاز کوئٹہ کے شہریوں کے لیے سفری سہولیات میں بہتری کی جانب اہم پیشرفت ہے جس کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی صوبائی حکومت خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں انہوں نے کہا کہ بزرگ شہریوں کے لیے مفت سفری سہولیات کا اعلان انتہائی قابل ستائش اقدام ہے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سینئر سٹیزن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار کی زیر صدارت اجلاس

اجلاس میں اسلام آباد میں جیم سٹون مرکز کے قیام بارے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیر صدارت جیم سٹون کے مرکز کے قیام سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل، ایڈیشنل سیکرٹری حمیرا ضیا مفتی اور جوائنٹ سیکرٹری فریدون اکرم شیخ نے شرکت کی۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق اجلاس کے دوران وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جدید ترین جیم سٹون کے مرکز، پراسیسنگ اور نمائش کی سہولیات کے قیام کا جائزہ لیا گیا۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کے مطابق جیم سٹون کے لیے عالمی معیار کا جدید مرکز قائم کیا جائے گا، اس شعبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا غیر آئینی اقدام کیخلاف کھڑے ہو گئے ساجدین

عوامی مینڈیٹ کا احترام نہ کیا گیا تو سنگین نتائج برآمد ہو سکتے ہیں، بی این پی

بی این پی ہر قسم کے جبر اور غیر آئینی اقدامات کیخلاف سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی، کوئٹہ میں پریس کانفرنس

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ یا منتخب وزیراعلیٰ کو نااہل قرار دینے کی مبینہ کوششوں کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی مینڈیٹ کا احترام نہ کیا گیا تو اس کے سنگین نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے 4 اکتوبر کو تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بی این پی کسی بھی غیر آئینی اقدام کے خلاف سیاسی، جمہوری اور آئینی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اس موقع پر بی این پی کے مرکزی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

روبڑی میں اسنیپ چیکنگ کے دوران 2200 گرام بھنگ برآمد، 2 ملزمان گرفتار

سکھر (آن لائن) ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری QPMPSP کی ہدایت پر روہڑی پولیس کی جانب سے سماجی برائیوں اور منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ روہڑی شاہ اللہ گھمبارو کی قیادت میں پولیس نے دوران اسنیپ چیکنگ کارروائی کرتے ہوئے 2200 گرام بھنگ سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران گرفتار کیے گئے۔

شہریوں کی شکایات پر ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت کا نوٹس

قابل دست اندازی جرم پر ایف آئی آر کا اندراج یقینی بنایا جائے، ڈی آئی جی کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (ڈی آئی جی) کوئٹہ عمران شوکت نے شہریوں کی جانب سے چوری، چھینا جھپٹی اور دیگر اسٹریٹ کرائمز کی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے تمام ایس ایچ اوز کو سخت ہدایات جاری کر دی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملنے پر محض روزنامچے میں اندراج کر کے معاملہ ختم کرنے کے بجائے قانون کے مطابق فوری طور پر ایف آئی آر کا اندراج یقینی بنایا جائے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ نے تنبیہ کی کہ ایف آئی آر کے اندراج میں دانستہ غفلت یا کوتاہی برتنے والے کسی بھی افسر کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈویژنل ایس پیز اور ایس ڈی پیز اپنے اپنے علاقوں میں ایسے معاملات کی ذاتی طور پر نگرانی کریں

امریکی فوجی اڈے پر حملہ، برطانیہ میں ایرانی نژاد شہری گرفتار

لندن (آن لائن) برطانیہ میں انسداد دہشت گردی پولیس نے جنوب مغربی انگلینڈ کے ایک اہم فضائی اڈے کے قریب مشتبہ سیکورٹی واقعے کی تحقیقات کے دوران برطانوی اور ایرانی دوہری شہریت رکھنے والے ایک شخص کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق 27 سالہ شخص کو مبینہ طور پر لندن سے دہشت گرد کارروائی کی تیاری کے شبہے میں حراست میں لیا گیا۔ یہ گرفتاری فیمر فورڈ کے قریب پیش آنے والے واقعے کے چند روز بعد عمل میں آئی ہے۔

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر کی عدم دستیابی، کاز لسٹ منسوخ

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی عدالت کی آج کی کاز لسٹ منسوخ ہو گئی۔ کاز لسٹ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی عدم دستیابی کے باعث منسوخ کی گئی۔ چیف جسٹس کی عدالت میں آج متعدد اہم کیسز سماعت کیلئے مقرر تھے، ٹول ٹیکس کی شرح میں 50 فیصد اضافے کے خلاف کیس بھی سماعت کیلئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ڈپٹی کمشنر چترال کی گاڑی کو حادثہ، زخمی حالت میں اسپتال منتقل

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کے ضلع دیر لوئر میں ڈپٹی کمشنر چترال ٹریفک حادثے میں زخمی ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق دیر لوئر میں ڈپٹی کمشنر چترال کی گاڑی لواری ٹنل کے اندر ٹرک سے ٹکرا گئی، حادثے میں ڈپٹی کمشنر چترال متعول حسین زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کی فراہمی کے لیے دیر بالا اسپتال منتقل کر دیا جب کہ ریسکیو حکام نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کوئٹہ: بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام یکم اکتوبر عالمی یوم بلوچی ہزارہ قوم کے جلسہ عام سے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ، قادر نائل، داؤد چنگیزی، عصمت یاری، محمد زمان وہتانزادہ، سیما بتول، مرتضیٰ سلطان اور ڈاکٹر کی خطاب کر رہے ہیں